58th Year

بانی صوفی غلام محمد

سرینگر ٹائمز

آخری سیزن ہوگا: گوفن

بیلجیئم کے ڈیوڈ گوفن نے اعلان کیا ہے کہ ۲۰۲۶ اے ٹی پی ٹور پر مقابلہ کرنے کا ان کا آخری سیزن ہوگا۔۳۵ سالہ بیلجیئم کے کھلاڑی نے جمعہ کو انسٹاگرام پر ایک ویڈیو پوسٹ میں اس فیصلے کی تصدیق کی۔ گوفن، جو اے ٹی پی رینکنگ میں سابق نمبر ۷ کھلاڑی رہ چکے ہیں، چھ بار کے ٹور لیول چیمپئن ہیں اور ان کا میچ ریکارڈ ۲۷۵-۳۵۷ ہے۔(تفصیلات اندر)

اسٹوکس کی واپسی مئی تک ٹلی

انگلینڈ کے کپتان بین اسٹوکس رخسار (گال) کی ٹوٹی ہوئی ہڈی کی سرجری کے بعد اب بھی صحت یابی کے عمل میں ہیں اور جیسا کہ طے تھا، وہ اگلے ہفتے ڈرہم کے لیے نہیں کھیلیں گے۔ ۳۴ سالہ اسٹوکس کو فروری کے آغاز میں ڈرہم اکیڈمی کے کھلاڑیوں کے ساتھ نیٹس میں مشق کرتے ہوئے گیند لگ گئی تھی، جس کے ایک ہفتے بعد ان کی سرجری ہوئی۔ (تفصیلات اندر)

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 85 | صفحات: 08 | ۲۹ مارچ ۲۰۲۶ بروز اتوار بمطابق ۹ شوال ۱۴۴۷ | Sunday 29th March 2026 | جلد نمبر 58

نوجوانوں کو نشہ کی لت میں دھکیلنے والوں کے خلاف کریک ڈاون کی ضرورت/ LG

یوٹی میں شروع ہونے والی منشیات کے خلاف وسیع بیداری مہم کی تیاریوں کا جائزہ

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ہفتہ کے روز لوک بھون جموں میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں جموں و کشمیر میں 'نشہ مُکت بھارت ابھیان' کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں چیف سیکرٹری اَتل ڈولو، ڈی جی پی نلین پربھات، ایڈیشنل چیف سیکرٹری خزانہ شیلندر کمار، پرنسپل سیکرٹری داخلہ چندراکر بھارتی، لیفٹیننٹ گورنر کے پرنسپل سیکرٹری ڈاکٹر مندیپ کے بھنڈاری، کمشنر سیکرٹری صحت وطبی تعلیم ایم راجو، اِنتظامی سیکریٹریز، صوبائی کمشنر جموں رمیش کمار، آئی جی پی جموں بھیم سین توتی، آئی جی پی سیکورٹی سجیت کمار اور دیگر سینئر اَفسران نے شرکت کی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے نوجوانوں کو نشے کی لت میں دھکیلنے والے سمگلنگ نیٹ ورکس کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کرنے کی ہدایت دی۔ اُنہوں نے کہا،''جموں وکشمیر کے نوجوانوں کو نشے کی لت میں دھکیلنے کے لئے جان بوجھ اور مذموم کوششیں کی جارہی ہیں۔ منشیات کی سمگلنگ اور نارکو دہشت گردی کے پورے نیٹ ورک کو ختم کرنے کے لئے سخت قانون عملانے، مؤثر روکتھام اور جامع حکمت عملی پر مبنی مربوط اَقدامات فوری طور پر ضروری ہیں۔''لیفٹیننٹ گورنر نے نشہ مکت جموں وکشمیر کے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے جن بھاگیداری اور مربوط ردِعمل پر زور دیا۔ میٹنگ میں پانچ اہم شعبوں قانون نافذ کرنا، بیداری (آئی اِی سی)، مشاورت، علاج اور بحالی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ سوشل میڈیا کی سخت نگرانی کے نظام کو بھی/ 1

اسمبلی میں مالیاتی اور آڈِٹ رپورٹ پیش

جموں/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج ایوان میں جموں و کشمیر کے مالیاتی امور سے متعلق اہم مالیاتی اور آڈٹ دستاویزات پیش کیں۔ ایوان میں پیش کی گئی دستاویزات میں فائنانس اکاؤنٹس (جلد اوّل) برائے سال 2023-24، فائنانس اکاؤنٹس (جلد دوم) برائے سال 2023-24، اختصاصی اکاؤنٹس برائے سال 2023-24 اور یونین ٹیریٹری کے مالیات پر ہندوستان کے کمپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل کی رپورٹ برائے سال 2022-23 شامل ہیں۔



ہندوستان پوری طاقت سے ہر چیلنج کا مقابلہ کر رہا ہے/ مودی

مغربی ایشیا کے تنازعہ سے پیدا شدہ سنگین صورت حال پر قابو پانے کے عزم کا اظہار

سرینگر/ جے کے این ایس/ وزیر اعظم نریندر مودی نے ہفتہ کو کہا کہ ہندوستان مغربی ایشیا میں جاری تنازعات سے پیدا ہونے والے چیلنجوں کا پوری طاقت کیساتھ مقابلہ کر رہا ہے۔ جے کے این ایس مانٹرینگ ڈیسک کے مطابق اُترپردیش کے شہر جیور میں نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کے افتتاح کے موقع پر ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا کہ ملک اپنے شہریوں کی حفاظت کیلئے تمام ضروری اقدامات کر رہا ہے۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ مغربی ایشیا میں ایک ماہ سے زیادہ عرصے سے تنازعہ جاری ہے۔ ہندوستان پوری طاقت کیساتھ اس چیلنج کا مقابلہ کر رہا ہے۔ اس بات کو اجاگر کرتے ہوئے کہ ہندوستان تنازعات سے متاثرہ علاقوں سے خام تیل اور گیس پر انحصار کرتا ہے، وزیر اعظم مودی نے کہا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنانے کیلئے ضروری اقدامات کر رہی ہے کہ یہ بوجھ خاندانوں اور کسانوں پر نہ پڑے۔ نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کا افتتاح کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے کہا کہ آج وِکشت اتر پردیش اور وِکشت بھارت کی طرف سفر کے ایک نئے باب کا آغاز ہے۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈہ خطے میں اقتصادی سرگرمیوں کو فروغ دے گا۔ انہوں نے کہا کہ نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈہ مغربی اتر پردیش کے کسانوں،

چھوٹے تاجروں اور نوجوانوں کے لیے نئے مواقع پیدا کرے گا۔ وزیر اعظم کے ساتھ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، شہری ہوابازی کے وزیر کنجراپو رام موہن نائیڈو اور دیگر معززین بھی تھے۔ دورے کے موقع پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے۔ 11,200 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے تیار کیے جانے والے ہوائی اڈے کے پہلے مرحلے کا تصور سڑک، ریل، میٹرو اور علاقائی نقل وحمل کے/ 3

سی آر پی ایف جوان کی مشتبہ دل کا دورہ پڑنے سے موت

سرینگر/ یو این ایس/ جموں وکشمیر کے ضلع شوپیاں میں ہفتہ کے روز سینٹرل ریزرو پولیس فورس (سی آر پی ایف) کے ایک جوان کی مشتبہ طور پر دل کا دورہ پڑنے سے موت ہوگئی۔ حکام نے بتایا کہ حکام کے مطابق 14 ویں بٹالین سی آر پی ایف کے ہیڈ کانسٹیبل گیان چند آج صبح ڈسٹرکٹ پولیس لائنز (ڈی پی ایل) شوپیان کے کیمپ میں اچانک بے ہوش ہوگئے۔ یو این ایس کے مطابق انہیں فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کیا گیا، تاہم ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دے دیا۔ حکام نے بتایا کہ جوان کی موت کی اصل وجہ معلوم کرنے کیلئے دفعہ 194 بی این ایس ایس کے تحت کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ مزید تحقیقات جاری ہیں۔

حکومت اے اے وائی ذمرے کے ہر اہل گھرانے کو

ماہانہ 200 یونٹ مفت بجلی فراہم کرنے کیلئے پُرعزم ہے/ محکمہ پاور

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر میں معاشی طور پر پسماندہ گھرانوں کو مفت بجلی فراہم کرنے کے حوالے سے ایوان میں اہم انکشافات سامنے آئے ہیں۔ ایم ایل اے عرفان حفیظ لون کے سوال کے جواب میں محکمہ پاور نے بتایا کہ حکومت اے اے وائی ذمرے کے ہر اہل گھرانے کو ماہانہ 200 یونٹ مفت بجلی فراہم کرنے کے لیے مکمل طور پر پُرعزم ہے اور اس سلسلے میں عملی طریقہ کار کو حتمی شکل دینے کا عمل جاری ہے۔ محکمہ کے مطابق مجوزہ منصوبہ ایک جامع سولر روف ٹاپ ماڈل پر مشتمل ہوگا، جس کے تحت ہر AAY گھرانے میں 2 کلوواٹ صلاحیت کا سولر پینل سسٹم نصب کیا جائے گا۔ جیسے ہی متعلقہ سولر سسٹم فعال ہوگا، اسی تاریخ سے اہل گھرانوں کو ہر ماہ 200 یونٹ بجلی بالکل مفت فراہم کی جائے گی۔ حکومت کا کہنا ہے کہ یہ نظام نہ صرف کمزور طبقے کی مالی مشکلات کم کرے گا بلکہ بجلی کی کھپت میں پائیداری اور خود کفالت کو بھی فروغ دے گا۔ عرفان حفیظ لون کے استفسار کے دوسرے حصے پر کہ آیا حکومت فلیٹ ریٹ کیٹیگری میں حالیہ پاور ٹیرف میں اضافے پر نظرِ ثانی کرے گی، محکمہ نے واضح کیا کہ اس سلسلے میں کسی قسم کی نظرِ ثانی یا نظرِ ثانی کی تجویز زیرِ غور نہیں ہے۔ حکومت نے صاف کہا کہ موجودہ ٹیرف میں تبدیلی کا کوئی منصوبہ فی الحال موجود نہیں۔ ایوان کو یقین دلایا گیا کہ اے اے وائی زمرے کے لیے مفت بجلی اسکیم کا عمل جلد از جلد مکمل کیا جائے گا، اور/ 2

بات چیت صرف مودی اور ٹرمپ کے درمیان تھی/ وزارت خارجہ

اس سے مغربی ایشیا کی صورتحال پر تبادلہ خیال کرنے کا موقع ملا

نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی اور امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے درمیان اس ہفتے منگل کو ٹیلی فون پر ہوئی بات چیت کے دوران مسٹر ٹرمپ کے ساتھ امریکی کاروباری ایلون مسک کی مبینہ موجودگی کی میڈیا رپورٹس کے درمیان ہندوستان نے واضح کیا ہے کہ یہ گفتگو صرف مسٹر مودی اور مسٹر ٹرمپ کے درمیان ہوئی تھی۔ وزارت خارجہ کے ترجمان نے اس بارے میں ہفتہ کو کہا، "ہم نے مکمل رپورٹ دیکھی ہے۔ 24 مارچ کو ہونے والی ٹیلی فون بات چیت وزیر اعظم نریندر مودی اور صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے درمیان ہی ہوئی تھی۔ دونوں رہنماؤں کی اس بات چیت کے بارے میں ترجمان نے کہا، جیسا کہ پہلے بھی کہا جا چکا ہے، اس سے مغربی ایشیا کی صورتحال پر تبادلہ خیال کا موقع ملا۔ واضح رہے کہ امریکی میڈیا کے ایک حلقے نے ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا ہے کہ بات چیت کے دوران مسٹر ٹرمپ کے ساتھ امریکہ کے ٹیسلا کارپوریشن کے سربراہ مسٹر مسک بھی موجود تھے۔

ایگزیکٹو انجینئر 12000 روپے رشوت لیتے رنگے ہاتھوں گرفتار

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر اینٹی کرپشن بیورو نے ایک بڑی کارروائی انجام دیتے ہوئے جل شکتی (پی ایچ ای) میکانیکل ڈویژن ساوتھ اونتی پورہ کے ایگزیکٹو انجینئر منظور احمد ڈار کو بارہ ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ بیورو کے مطابق انہیں ایک تحریری شکایت موصول ہوئی تھی جس میں الزام لگایا گیا کہ موصوف ایگزیکٹو انجینئر سالانہ مینٹیننس کنٹریکٹ کے تحت انجام دیے گئے کاموں کے بلوں کی منظوری کے عوض شکایت گزار سے 20 ہزار روپے رشوت طلب کر رہے ہیں۔ شکایت کنندہ کے مطابق وہ پہلے ہی 8 ہزار روپے ادا کر چکا تھا جبکہ باقی 12 ہزار روپے بلوں کی کلیئرنس کے بعد دینے کو کہا گیا تھا۔ تاہم شکایت کنندہ نے مزید رشوت دینے سے انکار کرتے ہوئے معاملہ اینٹی کرپشن بیورو کے سپرد کر دیا۔ شکایت موصول ہونے پر اے سی بی نے اس کی خفیہ طور پر جانچ کی جس میں سرکاری افسر کی جانب سے رشوت طلب کرنے کی تصدیق ہوئی۔ اس کے بعد فارن نمبر 02/2026 زیر دفعہ 7 پی سی ایکٹ 1988 ترمیمی ایکٹ 2018 پولیس اسٹیشن اے سی بی اننت ناگ میں/ 4

آج اور کل موسم کے خراب رہنے کے قوی امکانات/ ماہرین

50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے گرج چمک اور تیز ہوائیں چلنے کا خدشہ

سرینگر/ کے این ایس/ محکمہ موسمیات نے اپنی تازہ پیش گوئی میں بتایا کہ جموں وکشمیر میں 30 موسم خراب رہے گا جس دوران بالائی علاقوں میں برف باری جبکہ میدانی علاقوں میں بارشیں ہوئی گ ء۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق محکمہ موسمیات نے کسانوں کو مشورہ دیا کہ وہ 29 اور 30 مارچ کے دوران کھیتی کے کاموں کو معطل کر دیں، جبکہ مسافروں سے کہا گیا ہے کہ وہ ٹریفک ایڈوائزری پر عمل کریں اور اس کے مطابق اپنی نقل وحرکت کی منصوبہ بندی کریں۔ موسمیاتی مرکز سری نگر نے اگلے چند دنوں میں جموں وکشمیر میں وقفے وقفے سے بارش اور برف باری کے ساتھ عام طور پر ابر آلود موسم کی پیش گوئی کی ہے، حکام نے ہفتہ کو بتایا۔ ڈائریکٹر ایم ای ٹی سنٹر سری نگر ڈاکٹر مختار احمد نے کہا کہ 28 سے 30 مارچ تک شام تک موسم/ 5

گورنمنٹ آرڈر S-432 کے تحت زمین کی منتقلی کا معاملہ زیرِ غور/ حکومت

جموں/ حکومت نے آج گورنمنٹ آرڈر نمبر ایس۔432 بتاریخ 1966 کے تحت ملکیتی حقوق کے ساتھ دی گئی زمین کی منتقلی پر پابندی کے حوالے سے اپنا مؤقف واضح کرتے ہوئے کہا کہ یہ پابندی اصل شرائط کا حصہ ہے۔ یہ بات آج ایوان میں وزیر برائے جل شکتی جاوید احمد رانا نے چندر پرکاش گنگا کے سوال کے جواب میں بتائی۔ وزیر موصوف نے یہ جواب وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی جانب سے جواب دے رہے تھے۔ وزیر نے اَپنے جواب میں بتایا کہ ریاستی زمین پر کاشتکاروں کو گورنمنٹ آڈر نمبر/ 6

حکومت منشیات مخالف بل پیش کرنے جارہی ہے/ سکینہ ایتو

منشیات کے عادی افراد کے علاج کی ذمہ داری محکمہ صحت پر عائد

سرینگر/ کے این ایس/ جموں وکشمیر حکومت نے ہفتے کو اعلان کیا کہ جاری بجٹ اجلاس کے دوران منشیات سے نجات (ڈرگ ڈی ایڈکشن) سے متعلق ایک اہم بل پیش کیا جائے گا۔ یہ بات وزیر صحت وطبی تعلیم سکینہ ایتو نے اراکین اسمبلی کے سوالات کے جواب میں کہی۔ وزیر صحت نے کہا کہ بل تیار ہے اور اسے موجودہ اسمبلی اجلاس میں پیش کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پولیس منشیات کے پھیلاؤ کو روکنے میں کردار ادا کرتی ہے لیکن منشیات کے عادی افراد کے علاج کی ذمہ داری محکمہ صحت پر عائد ہوتی ہے کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق انہوں نے وضاحت کی کہ پولیس منشیات کے پھیلاؤ کو روکنے میں کردار ادا کرتی ہے لیکن منشیات کے عادی افراد کے علاج کی ذمہ داری محکمہ صحت پر عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے مذید کہا کہ محکمہ داخلہ کو منشیات کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے مزید موثر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے، ان کے مطابق بعض علاقوں میں منشیات کے استعمال میں اضافہ دیکھا گیا ہے جبکہ کچھ علاقوں میں کمی آئی ہے۔ وزیر صحت وطبی تعلیم سکینہ ایتو نے یہ واضح کیا کہ حکومت نجی منشیات سے نجات مراکز کو/ 10

قدرتی حسن سے مالا مال کرناہ کو سیاحت کی زبردست کشش/ وزیر اعلیٰ

بڑے ہوٹل تعمیر کرنے کے بجائے ہوم سٹے سہولیات کو فروغ دیا جانا چاہیے

جموں/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج کہا کہ کرناہ میں سرحدی سیاحت، ہائیکنگ اور ٹریکنگ کے بے پناہ امکانات موجود ہیں اور حکومت علاقے میں سیاحت کو فروغ دینے کے لئے ایک جامع پروگرام پر کام کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اِن باتوں کا اِظہار آج جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے جاری بجٹ سیشن کے دوران وقفۂ سوالات میں رُکن اسمبلی کرناہ کی جانب سے اُٹھائے گئے ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے کیا۔ اُنہوں نے علاقے کی قدرتی خوبصورتی کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا،''سرحدی سیاحت کے حوالے سے امکانات موجود ہیں، ہائیکنگ اور ٹریکنگ کے بھی وسیع مواقع ہیں اور کرناہ قدرتی حسن سے مالا مال ہے۔ حکومت اس علاقے میں مکمل سیاحتی فروغ کو یقینی بنانے کے لئے ایک پروگرام تیار کر رہی ہے۔'' وزیر اعلیٰ، جن کے محکمہ سیاحت کا قلمدان بھی ہے، نے دیرپا اور نچلی سطح پر سیاحتی ڈھانچے کی ضرورت پر زور دیا۔ اُنہوں نے کہا کہ بڑے ہوٹل تعمیر کرنے کے بجائے ہوم سٹے سہولیات کو فروغ دیا جانا چاہیے۔ اُنہوں نے مزید کہا،''ہمیں سیاحت کو نچلی سطح پر فروغ دینا چاہیے، میرا خیال ہے کہ/ 8

حکومتِ جموں وکشمیر صحافیوں کی بہبود سے متعلق سہولیات فراہم کر رہی ہے

262 صحافیوں کو ایکریڈیٹیشن جاری کی جاچکی ہے/ ایوان میں انکشاف

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر کے سابق ایم ایل اے اعجاز احمد جان کی جانب سے صحافیوں کی فلاح و بہبود، پیشہ ورانہ سہولیات، انشورنس، رہائش، پنشن اور ایکریڈیٹیشن سے متعلق اٹھائے گئے سوال کے جواب میں حکومت نے پیر کے روز تفصیلی بیان پیش کرتے ہوئے کہا کہ صحافیوں کے لیے متعدد سہولیات پہلے سے دستیاب ہیں اور دیگر امور پر ضرورت کے مطابق غور کیا جا رہا ہے۔ حکومت نے بتایا کہ آیوشمان بھارت — سیہت اسکیم کے تحت پانچ لاکھ روپے سالانہ تک کا ہیلتھ انشورنس ہر رہائشی کو فراہم کیا جاتا ہے، جس میں صحافیوں اور ان کے اہل خانہ بھی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ یک مشت ایکس گریشیا اور مالی امداد بھی صحافیوں کو ''جرنلسٹس ویلفیئر اسکیم'' کے تحت مہیا کی جاتی ہے، جس کے لیے مرکزی وزارت اطلاعات ونشریات نے یکم اپریل 2023 کو باضابطہ ہدایات جاری کی تھیں۔ ایکریڈیٹڈ صحافیوں کے لیے سرکاری رہائش بھی دستیاب ہے، جو ڈیمانڈ اور دستیابی کی بنیاد پر اسٹیٹس ڈیپارٹمنٹ فراہم کرتا ہے، جبکہ حکومت کے گیسٹ ہاؤسز میں مختصر مدت کے لیے سبسڈائزڈ قیام کی سہولت بھی دی جاتی ہے۔ حکومت نے مزید/ 11

دہشت گردی کے خلاف کارروائی

ریاسی میں جائیداد ضبط

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر پولیس نے دہشت گردی کے مالی ڈھانچے کو کمزور بنانے کی اپنی مسلسل مہم کے تحت ریاسی ضلع میں پاکستان بنیاد پرست تنظیم لشکرِ طیبہ سے وابستہ ایک دہشت گرد معاون کی غیر منقولہ جائیداد کو ضبط کر لیا ہے۔ پولیس کے مطابق یہ کارروائی غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون یو اے پی اے کی دفعہ 25 کے تحت عمل میں لائی گئی۔ سرکاری ترجمان نے بتایا کہ جس شخص کی جائیداد ضبط کی گئی ہے اس کی شناخت محمد قاسم کے طور پر ہوئی ہے۔/ 12

فوج کا جی ای ایم پورٹل کے ذریعے پہلا بڑا دفاعی معاہدہ

93 ٹیلی اسکوپک ہینڈلرز خریدے جائیں گے/ فوجی ذرائع

نئی دہلی/ یو این آئی/ ہندوستانی فوج نے ایک تاریخی پیش رفت میں سرکاری خریداری کے پورٹل جی ای ایم کے ذریعے اپنا پہلا کیپٹل پروکیورمنٹ کنٹریکٹ (بڑے پیمانے پر خریداری کا معاہدہ) کیا ہے، جسے دفاعی خرید کے شعبے میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ فوجی ذرائع کے مطابق 'بائی انڈین' زمرے کے تحت اس معاہدے میں میسرز جے سی بی انڈیا لمیٹڈ سے 25.90 کروڑ روپے کی لاگت سے 93 ٹیلی اسکوپک ہینڈلرز خریدے جائیں گے۔ یہ خریداری فوج کے خرید کے عمل میں ایک انقلابی تبدیلی کی عکاسی کرتی ہے، جس میں بڑے سرمائے کی خریداری کے لیے جی ای ایم پورٹل کا استعمال کیا گیا ہے۔ اس اقدام سے خریداری کے عمل میں لگنے والے وقت میں نمایاں کمی آنے کی توقع ہے، ساتھ ہی مقررہ ضوابط کی مکمل پاسداری اور عمل کی شفافیت بھی یقینی ہوگی۔ اس شفاف، موثر اور ٹیکنالوجی پر مبنی راستے کو اپنا/ 9

طیارے کا ایک انجن خراب

دہلی میں ہنگامی لینڈنگ

نئی دہلی/ یو این آئی/ وشاکھاپٹنم سے ہفتہ کو دہلی آنے والی انڈیگو کی فلائٹ میں ایک انجن خراب ہونے کی وجہ سے دہلی میں مکمل ہنگامی صورتحال (فل ایمرجنسی) کا اعلان کر کے اس کی لینڈنگ کرائی گئی۔ ذرائع کے مطابق، یہ بوئنگ بی 737-800 طیارہ (رجسٹریشن نمبر ٹی سی۔سی او این) تھا۔ اس میں 161 مسافر سوار تھے۔ طیارے کی صبح 10:54 بجے دہلی ہوائی اڈے پر محفوظ لینڈنگ ہوئی۔ اس دوران فائر فائٹنگ کی ٹیم، میڈیکل ٹیم اور سکیورٹی اہلکاروں کی ٹیم مکمل طور پر تیار تھی۔ مسافروں کو محفوظ طریقے سے اتار کر طیارے کی جانچ کی جارہی ہے۔ انڈیگو کے ایک ترجمان نے بتایا کہ 28 مارچ کو پرواز نمبر 6E 579 وشاکھاپٹنم سے دہلی آرہی تھی۔ دہلی میں اترنے سے کچھ دیر قبل "تکنیکی خرابی" کا پتہ چلا۔ ترجمان نے بتایا کہ/ 7

لیفٹیننٹ گورنر کی 'بگ امپیکٹ ایوارڈز جے کے 2026' تقریب میں شرکت

کہا جدت اور کاروباری جذبے سے بھارت عالمی معیشت میں مضبوط قوت بن رہا ہے

جموں، 28مارچ //// لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ہفتہ کے روز جموں میں منعقدہ 'بگ امپیکٹ ایوارڈز جے کے 2026' کی تقریب میں شرکت کی اور مختلف شعبوں سے وابستہ ممتاز شخصیات اور صنعت کاروں سے اپیل کی کہ وہ جموں وکشمیر کے مختلف شعبوں کو مزید مضبوط اور انسان دوست بنانے کے لیے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں وسیع اصلاحات کے ذریعے ایسا ماحول تیار کیا گیا ہے جہاں بھارت ایک صارف سے تخلیق کار ملک میں تبدیل ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت آج جدت طرازی کی عالمی طاقت بن چکا ہے اور مستقبل کی عالمی معیشت کی تشکیل میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی اور کاروباری نظام میں آنے والی انقلابی تبدیلی کوئی اتفاق نہیں بلکہ جرات مندانہ اصلاحات اور صنعت کاروں کی مسلسل محنت کا نتیجہ ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ حقیقی کاروباری صلاحیت کا مظاہرہ مشکلات کو مواقع میں بدلنے میں ہوتا ہے اور جموں و کشمیر کے صنعت کاروں اور اختراع کاروں نے اس کی بہترین مثال پیش کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جدت کوئی عارضی عمل نہیں بلکہ مستقل محنت، لگن اور مشکلات کے باوجود آگے بڑھنے کے عزم کا نام ہے۔ انہوں نے ان صنعت کاروں کو بھی مبارکباد دی جنہوں نے صرف کاروبار تک خود کو محدود نہیں رکھا بلکہ مشکل حالات میں معاشرے کے لیے ایک مثال قائم کی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی شعبے میں بھی انسانی صلاحیتوں۔۔۔/101

کرناہ میں سیاحت کی بے پناہ صلاحیت ہے/ وزیر اعلیٰ

ہوم سٹے، ٹریکنگ اور سرحدی سیاحت پر توجہ دیں

جموں/ 28 مارچ // وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج کہا کہ کرناہ میں سرحدی سیاحت، ہائیکنگ اور ٹریکنگ کے بے پناہ امکانات موجود ہیں اور حکومت علاقے میں سیاحت کو فروغ دینے کے لئے ایک جامع پروگرام پر کام کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ان باتوں کا اظہار آج جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے جاری بجٹ سیشن کے دوران وقفۂ سوالات میں رُکن اسمبلی کرناہ کی جانب سے اُٹھائے گئے ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے کیا۔ اُنہوں نے علاقے کی قدرتی خوبصورتی کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا، ''سرحدی سیاحت کے حوالے سے امکانات موجود ہیں، ہائیکنگ اور ٹریکنگ کے بھی وسیع مواقع ہیں اور کرناہ قدرتی حسن سے مالا مال ہے۔ حکومت اس علاقے میں مکمل سیاحتی فروغ کو یقینی بنانے کے لئے ایک پروگرام تیار کر رہی ہے۔'' وزیر اعلیٰ، جن کے محکمہ سیاحت کا قلمدان بھی ہے، نے دیرپا اور نچلی سطح پر سیاحتی ڈھانچے کی ضرورت پر زور دیا۔ اُنہوں نے کہا کہ بڑے ہوٹل تعمیر کرنے کے بجائے ہوم سٹے سہولیات کو فروغ دیا جانا چاہیے۔ اُنہوں نے مزید کہا، ''ہمیں سیاحت کو نچلی سطح پر فروغ دینا چاہیے، میرا خیال۔۔۔/102

زوجیلا سانحہ پر
ڈاکٹر فاروق عبداللہ کا اظہارِ رنج

سرینگر// صدر جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے زوجیلا میں پیش آئے المناک برفانی تودہ حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سانحہ میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک اور دل دہلا دینے والا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس حادثے میں پانچ افراد کے جاں بحق ہونے کی خبر سن کر انہیں شدید صدمہ پہنچا ہے۔ انہوں نے جاں بحق افراد کے لواحقین کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس غم کی گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت دے۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے حادثے میں زخمی ہونے والے۔۔۔/103

سری گفوارہ۔ بجبہاڑہ حلقہ کے چار میڈیکل
بلاکوں میں 24 صحت سہولیات فعال/ وزیر صحت

جموں/ 28 مارچ // وزیر برائے صحت وطبی تعلیم سکینہ ایتو نے آج ایوان کو بتایا کہ صحت شعبے میں اہم خامیوں کو دُور کرنے کے لئے محکمہ موجودہ صحت سہولیات کو آئی پی ایچ ایس۔ 2022 معیارات کے مطابق مضبوط بنانے اور ٹیلی میڈیسن خدمات (ای۔سنجیونی) کے ذریعے رسائی بڑھانے پر توجہ دے رہا ہے تاکہ عام لوگوں کو بہتر معیاری خدمات فراہم کی جاسکیں۔ اُنہوں نے ان باتوں کا اظہار آج قانون ساز اسمبلی میں رُکن اسمبلی ڈاکٹر بشیر احمد شاہ ویری کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کیا۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ سری گفوارہ۔ بجبہاڑہ حلقہ میں چار میڈیکل بلاک ہیں جن میں کیموہ اور یاری پورہ سی ایم او کولگام کے دائرہ اختیار میں جبکہ بجبہاڑہ اور سالارس ایم او اننت ناگ کے دائرہ اختیار میں ہیں جو اس علاقے میں طبی خدمات کی نگرانی کرتے ہیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ ان چاروں میڈیکل بلاکوں کے تحت مختلف زُمروں کے 24 صحت مراکز جیسے پی ایچ سیز، این ٹی پی ایچ سیز اور سب سینٹرز فعال ہیں۔ وزیر صحت وطبی تعلیم نے مزید کہا کہ فی الحال محکمہ کے پاس سری گفوارہ۔ بجبہاڑہ میڈیکل بلاکوں کو حلقہ کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی کوئی تجویز زیر غور نہیں ہے۔ اُنہوں نے وضاحت کی کہ میڈیکل بلاکوں کا قیام اداروں کی تعداد، آبادی۔۔۔/106

پنشن کمیوٹیشن بلوں، گریجوٹی اور جی پی فنڈ بلوں کی ادائیگی خوش آئند اقدام
ترقی، خوشحالی اور استحکام کیلئے نیشنل کانفرنس حکومت کا ویژن واضح/ شوکت میر

سرینگر// نیشنل کانفرنس کے صدر صوبہ کشمیر ایڈوکیٹ شوکت میر نے عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت کی عوام دوست پالیسیوں اور فلاحی اقدامات کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت نے مختصر عرصے میں جس سنجیدگی، دیانتداری اور عوامی احساس ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہے، وہ قابل تعریف ہے اور اس سے عوام کے اندر ایک نیا اعتماد پیدا ہوا ہے۔ پارٹی ہیڈکوارٹر نوائے صبح کمپلیکس میں ایک اجلاس کے دوران خطاب کرتے ہوئے صوبائی صدر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے تعمیر وترقی کے منصوبوں کو رفتار دینا ایک نہایت اہم پیش رفت ہے، کیونکہ اس سے نہ صرف بنیادی ڈھانچے کو مضبوطی ملے گی بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ سڑکوں، بجلی، پانی، صحت اور تعلیم جیسے بنیادی شعبوں میں بہتری لانا کسی بھی حکومت کی اولین ذمہ داری ہوتی ہے، اور عمر عبداللہ حکومت اس حوالے سے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت خدمات کی فراہمی یقینی بنانا ہی اصل گڈ گورننس کی علامت ہے، اور موجودہ حکومت اسی سمت میں آگے بڑھ رہی ہے۔ ایڈوکیٹ شوکت میر نے سرکاری ملازمین کے مسائل کے حل کو بھی ایک اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا کہ تمام پنشن کمیوٹیشن بلوں، گریجوٹی بلوں کی ادائیگی۔۔۔/105

بی جے پی 6 اپریل کو یومِ تاسیس بھرپور انداز میں منائے گی
جموں میں اعلیٰ سطحی اجلاس، پروگراموں کی تیاریوں کا جائزہ

جموں، 28 مارچ // جموں وکشمیر بی جے پی نے 6 اپریل کو منعقد ہونے والے یومِ تاسیس پروگراموں کی تیاریوں کا جائزہ لینے اور انہیں حتمی شکل دینے کے لیے سینئر رہنماؤں کا ایک اہم اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس کی صدارت جموں وکشمیر بی جے پی کے صدر اور رکن پارلیمان (راجیہ سبھا) ست شرما نے جنرل سکریٹری (تنظیم) اشوک کول کے ہمراہ پارٹی ہیڈکوارٹر تریکوٹہ نگر، جموں میں کی۔ اس موقع پر سابق بی جے پی صدر رویندر رینا (یومِ تاسیس پروگراموں کے انچارج)، جنرل سکریٹریز بلدیو سنگھ بلاوریا اور گوپال مہاجن سمیت دیگر سینئر رہنما بھی موجود تھے۔ ست شرما نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی کا یومِ تاسیس، جو ہر سال 6 اپریل کو منایا جاتا ہے، ملک بھر میں لاکھوں کارکنان کے لیے فخر کا لمحہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 6 اپریل 1980 کو قائم ہونے والی جماعت اپنی قوم سازی اور عوامی فلاح وبہبود کے عزم کے باعث دنیا کی سب سے بڑی سیاسی تنظیم بن چکی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ یومِ تاسیس کے پروگراموں کو جوش۔۔۔/104

اپنی پارٹی کا میڈیا ونگ کو مزید موثر بنانے کا فیصلہ

سرینگر: اپنی پارٹی نے اپنے سپوکسپرسنز اور میڈیا پینلسٹوں کو ہدایات دی ہیں کہ وہ اہم مسائل اور معاملات پر پارٹی کے موقف کو موثر انداز میں پیش کرنے کے لئے متحرک ہوجائیں اور زیادہ سے زیادہ فعال کردار ادا کریں۔ اس کے علاوہ انہیں ہدایت دی گئی ہے کہ وہ پارٹی کے سرینگر ہیڈکوارٹرز میں روزانہ بنیادوں پر دستیاب رہیں تاکہ پارٹی پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا سمیت تمام پلیٹ فارمز پر اپنی موجودگی اور اثر ورسوخ کو مزید موثر بنا سکے۔ اس سلسلے میں پارٹی کی جانب سے جاری ایک بیان میں کہا گیا، ''اپنی پارٹی کے ترجمان اعلیٰ منتظر محی الدین کی صدارت میں منعقدہ ایک اہم اجلاس میں پارٹی کے ترجمانوں اور میڈیا پینلسٹوں پر زور دیا گیا کہ وہ میڈیا میں پارٹی کی موجودگی کو مضبوط بنانے کے لیے موثر اقدامات کریں۔ اس اجلاس میں پارٹی۔۔۔/107

حکومت خانصاحب میں آبپاشی کے نظام کو
مضبوط بنانے کیلئے پُرعزم ہے/ جاوید رانا

جموں/ 28 مارچ // حکومت نے آج اس بات کا اعادہ کیا کہ خانصاحب حلقہ میں آبپاشی کا نظام مضبوط اور مکمل طور پر فعال ہے اور گزشتہ تین برسوں میں نہروں، کھلوں اور آبپاشی کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے کے لئے وسیع پیمانے پر کام انجام دیا گیا ہے۔ حکومت نے کہا کہ گزشتہ آبپاشی سیزن کے دوران حلقے کی تمام بڑی نہریں فعال رہیں جس سے کسانوں کو پانی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنی۔ وزیر برائے جل شکتی، جنگلات، ماحولیات وقبائلی امور محکمہ جات جاوید احمد رانا نے کہا کہ 24-2023 سے 26-2025 کے درمیان مختلف سکیموں کے تحت ایک جامع سلسلہ وار کام انجام دیا گیا ہے۔ جاوید رانا رُکن اسمبلی خانصاحب، سیف الدین بٹ کی جانب سے آبپاشی سہولیات سے متعلق اُٹھائے گئے سوال کا جواب دے رہے تھے۔ اُنہوں نے ایوان کو آگاہ کیا کہ سال 24-2023 کے دوران 62.68 لاکھ روپے کے کام شروع کیے گئے جن میں سے 50.59 لاکھ روپے خرچ کئے جا چکے ہیں اور تمام منصوبوں میں مکمل فزیکل تکمیل کو حاصل کیا۔ اسی طرح 25-2024 میں 31.28 لاکھ روپے کے کام کئے گئے جن میں سے 22.83 لاکھ روپے خرچ ہوئے اور تمام پروجیکٹ مکمل طور پر مکمل ہونے کی اطلاع دی گئی۔ جاری مالی برس 26-2025 کے دوران 54.62 لاکھ روپے کے کام شروع کئے گئے ہیں جن میں سے اَب تک 46.74 لاکھ روپے خرچ کئے جاچکے ہیں۔ بتایا۔۔۔/108

چیف سیکریٹری کی اعلیٰ تعلیم میں اصلاحات تیز کرنے کی ہدایت
جموں وکشمیر میں تعلیمی اداروں کو عالمی معیار تک لے جانے، خالی اسامیوں کو پُر کرنے پر زور

جموں، 28 مارچ //// چیف سیکریٹری اٹل ڈولو نے آج محکمہ اعلیٰ تعلیم کے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جموں وکشمیر میں اعلیٰ تعلیم کے نظام کو بہتر بنانے اور تعلیمی اداروں کو معیارِ کمال تک پہنچانے کے لیے وقت بند اصلاحات پر زور دیا۔ اجلاس میں مختلف یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز، کمشنر سیکریٹری اعلیٰ تعلیم، رجسٹرارز، ڈائریکٹر کالجز اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ چیف سیکریٹری نے ادارہ جاتی جوابدہی کو یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے تمام اعلیٰ تعلیمی اداروں کو ہدایت دی کہ وہ پانچویں چیف سیکریٹریز کانفرنس میں تجویز کردہ اصلاحات کے نفاذ کے لیے اپنے عملی منصوبے تیار کریں اور مقررہ مدت کے اندر نتائج حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ ان اصلاحات کا تعلق نیشنل ایجوکیشن پالیسی 2020 سے ہے اور یہ خطے میں تعلیمی ترقی کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہیں۔ انہوں نے یونیورسٹیوں اور کالجوں میں تدریسی عملے کی کمی کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت دی کہ اس سال اگست تک کم از کم 90 فیصد تدریسی اسامیاں پُر کی جائیں تاکہ معیاری تعلیم کو یقینی بنایا جا سکے۔ چیف سیکریٹری نے نصاب کی افادیت پر زور دیتے ہوئے ہدایت دی کہ تمام کورسز کا جامع جائزہ لیا جائے اور کم طلب یا فرسودہ مضامین کو ختم کر کے جدید اور ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کورسز متعارف کرائے جائیں۔ انہوں نے نصاب کو جدید تقاضوں کے مطابق اپ ڈیٹ کرنے اور ہنر پر مبنی تعلیم کو روایتی تعلیم کے ساتھ جوڑنے کی ضرورت پر بھی۔۔۔/109

عیدگاہ میں آتشزدگی کے متاثرین کو دو برسوں میں
27.245 لاکھ روپے کا معاوضہ فراہم کیا گیا/ نائب وزیر اعلیٰ



جموں/ 28 مارچ // نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج کہا کہ مالی برس 25-2024 اور 26-2025 کے دوران حلقہ عیدگاہ میں آتشزدگی سے متاثرہ کنبوں کو مجموعی طور پر 27.245 لاکھ روپے کی امداد فراہم کی گئی ہے۔ اُنہوں نے قانون ساز اسمبلی میں رُکن اسمبلی مُبارک گل کی طرف سے پیش کردہ توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں کہا کہ گزشتہ دو برسوں کے دوران عیدگاہ حلقے میں کل 14 آتشزدگی کے واقعات پیش آئے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ضلع انتظامیہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے راحت اور امدادی اقدامات شروع کئے گئے تاکہ مزید نقصان سے بچا جاسکے۔ اُنہوں نے بتایا کہ ایس ڈی آر ایف کے ضوابط کے تحت مستحق متاثرین کو وقتاً فوقتاً دستیاب فنڈز سے امداد فراہم کی گئی۔ سریندر کمار چودھری نے مزید کہا کہ مالی برس 25-2024 اور 26-2025 کے دوران عیدگاہ حلقہ میں پیش آئے آتشزدگی کے واقعات میں 20 مکمل طور پر تباہ شدہ گھروں کے مالکان کو فی گھر 1.30 لاکھ روپے، 15 جزوی طور پر متاثرہ پکے گھروں کے لئے فی گھر 6,500 روپے، 3 مکمل طور پر تباہ شدہ جھونپڑیوں کے لئے فی جھونپڑی 8,000 روپے اور ایک مویشی شیڈ کے نقصان پر 3,000 روپے امداد فراہم کی گئی۔۔۔/111

اراکین اسمبلی کے ذریعہ اُٹھائے جانے والے
سوالات 150 الفاظ سے زیادہ نہیں ہوں گے/ سپیکر عبدالرحیم راتھر

جموں/ 28 مارچ // رُکن اسمبلی بلونت سنگھ منکوٹیہ نے وقفہ سوالات کے دوران پوچھے جانے والے سوالات کی طوالت کے حوالے سے نکتۂ اعتراض اُٹھایا۔ سپیکر قانون ساز اسمبلی عبدالرحیم راتھر نے جواب میں کہا کہ ایوان کے قیمتی وقت کو بچانے کے لئے سوال کی طوالت 150 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ سپیکر موصوف نے قاعدہ 38 کی شق 7 کا حوالہ دیتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ اراکین اسمبلی کے سوالات طویل نہیں ہونے چاہئیں اور ان کی حد 150 الفاظ تک ہونی چاہیے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ بیشتر سوالات طویل ہوتے ہیں اور قواعد کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ تاہم، اُنہوں نے واضح قوانین کے باوجود اپنی خصوصی اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے زیادہ تر سوالات کو منظور کیا۔ سپیکر نے اراکین سے تعاون کی اپیل کی کہ وہ طویل سوالات سے گریز کریں اور خبردار کیا کہ مستقبل میں ایسے سوالات کو ایوان کا وقت بچانے کے لئے مسترد کر دیا جائے گا۔ اُنہوں نے مزید تجویز پیش کی کہ قواعد کے بارے میں ماہرین کی طرف سے ایک ورکشاپ یا سیمینار کا انعقاد کیا جائے تاکہ اراکین اسمبلی کو قواعد سے بہتر طور پر آگاہ کیا جاسکے۔

ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام شہزاد عالم کا ضلع اسپتال کا دورہ
طبی سہولیات اور مریضوں کی دیکھ بھال کا جائزہ، ٹی بی مریضوں میں غذائی کٹس تقسیم

کلگام، 28 مارچ //// ڈپٹی کمشنر کلگام، شہزاد عالم نے آج ضلع اسپتال کلگام کا دورہ کر کے وہاں فراہم کی جارہی طبی سہولیات اور مریضوں کی دیکھ بھال کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مختلف وارڈز اور شعبہ جات، بشمول آئی پی ڈی وارڈز اور ٹکٹ کاؤنٹرز کا معائنہ کیا اور مریضوں و ان کے تیمارداروں سے بات چیت کر کے دستیاب سہولیات کے بارے میں رائے حاصل کی۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سید مسعود نے انہیں اسپتال کی کارکردگی، عملے کی دستیابی اور مریضوں کیلئے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں آگاہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ٹی بی کے خاتمے کے پروگرام کے دوسرے مرحلے کا حال ہی میں آغاز کیا گیا ہے اور اس اقدام کے تحت ٹی بی مریضوں میں غذائی کٹس تقسیم کی گئیں تاکہ ان کے علاج اور صحت یابی میں مدد مل سکے۔ انہوں نے۔۔۔/110

ڈپٹی کمشنر سری نگر کا آدھار مراکز اور بایومیٹرک اپڈیٹس کا جائزہ
آدھار اپڈیٹس کی بروقت تکمیل، سینٹر آف ایکسیلنس کے قیام اور عوامی سہولیات بہتر بنانے پر زور

سری نگر، 28 مارچ //// ڈپٹی کمشنر سری نگر اکشے لبرو نے ہفتہ کے روز ڈی سی آفس کمپلیکس کے میٹنگ ہال میں منعقدہ اجلاس میں آدھار سے متعلق لازمی بایومیٹرک اپڈیٹس کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر آدھار مراکز کی کارکردگی اور ضلع میں کامن سروس سینٹرز کے تحت سینٹر آف ایکسیلنس کے قیام کی صورتحال پر بھی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میر امتیاز الحق عزیز، ایس پی ہیڈکوارٹر عمر شاہ، چیف پلاننگ آفیسر فیاض احمد ڈار، ایس ڈی ایم ایسٹ زبیر احمد، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو عمر گلزار، ضلع سوشل ویلفیئر آفیسر ڈاکٹر مختار احمد، ضلع شماریات وتجزیہ آفیسر شاہ اسماعیل بنگرو، چیف ایجوکیشن آفیسر، ضلع انفارمیٹکس آفیسر، مختلف شہری اسپتالوں کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹس، تمام تحصیلدار، یو آئی ڈی اے آئی کے پروجیکٹ منیجر، سی ایس سی ای گورننس کے ضلع کوآرڈینیٹر سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے آغاز میں ڈپٹی کمشنر کو آدھار کے تحت لازمی بایومیٹرک اپڈیٹس کی پیش رفت، سول رجسٹریشن سسٹم کے تحت کامیابیوں اور برتھ رجسٹریشن بیسڈ آدھار انرولمنٹ کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ہدایت دی کہ آدھار کے لازمی بایومیٹرک اپڈیٹس کو بروقت مکمل کیا جائے اور زیر التوا معاملات خصوصاً 100 سال سے زائد عمر کے۔۔۔/112

ڈی سی پلوامہ کی زیر صدارت بیداری وامدادی کیمپ
امداد، پنشن اور سماجی تحفظ اسکیموں میں مکمل اندراج پر زور

پلوامہ، 28 مارچ //// ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے آج سرکٹ ہاؤس پلوامہ میں ایک روزہ بیداری وامدادی کیمپ کی صدارت کی۔ اس کیمپ کا انعقاد محکمہ محنت کی جانب سے کیا گیا جس کا مقصد جے کے بی او سی ڈبلیو فلاحی اسکیموں کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا، نئے لیبر کوڈز سے مزدوروں کو روشناس کرانا اور مختلف پنشن وسماجی تحفظ اسکیموں میں اندراج کو فروغ دینا تھا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے جے کے بی او سی ڈبلیو فلاحی اسکیموں کے تحت مستحقین میں ڈی بی ٹی کے ذریعے مالی امداد تقسیم کی، جس میں تعلیمی معاونت، نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کے لیے امداد اور شادی سے متعلق مالی سہولت شامل تھی۔ اپنے خطاب میں ڈپٹی کمشنر نے مزدوروں کے کردار کو ملک کی تعمیر اور معیشت کی ترقی کے لیے بنیادی قرار دیتے ہوئے کہا کہ مزدور معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، جو مشکلات کے باوجود اپنے بچوں کے بہتر مستقبل۔۔۔/113

جی ڈی سی بانڈی پورہ میں وندے ماترم
فیر دوم کے تحت پینٹنگ مقابلہ منعقد

بانڈی پورہ، 28 مارچ //// ہندوکٹھن میموریل ڈگری کالج بانڈی پورہ کے این ایس ایس یونٹس کی جانب سے وندے ماترم فیر دوم (23 تا 30 مارچ 2026) کی تقریبات کے سلسلے میں ہفتہ کے روز کالج احاطہ میں ''ہندوستان کی تحریک آزادی'' کے موضوع پر پینٹنگ مقابلے کا انعقاد کیا گیا۔ اس مقابلے کا مقصد طلبہ میں مجاہدین آزادی کی قربانیوں اور خدمات کے بارے میں بیداری پیدا کرنا تھا۔ پروگرام کا آغاز پرنسپل پروفیسر سریش کمار ڈوگرہ کے ابتدائی خطاب سے ہوا، جنہوں نے ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد میں عظیم رہنماؤں کے کردار کو اجاگر کیا اور طلبہ کو ان کی جرات، حب الوطنی اور قومی خدمت کے جذبے سے سبق حاصل کرنے کی ترغیب دی۔ مقابلے میں این ایس ایس۔۔۔/114

خبرونظر

ہندوستان نے عالمی تجارتی تنظیم میں اتفاقِ رائے پرمبنی فیصلہ سازی کے نظام کومضبوط رکھنے پر دیا زور

یو این آئی// ہندوستان نے عالمی تجارتی تنظیم (ڈبلیوٹی او) میں اتفاقِ رائے کی بنیاد پر فیصلے کے نظام کو مستحکم رکھنے اور تجارت کے پچھلے ادوار کے معاہدوں میں ان ناہمواریوں کو دور کرنے پر زور دیا ہے، جو ترقی پذیر ممالک کے مفادات کے خلاف کام کر رہی ہیں۔ کیمرون کے شہر یاؤنڈے میں جاری ڈبلیوٹی او کی چودھویں وزارتی کانفرنس کے دوسرے دن رکن ممالک کے وزرائے تجارت کے اجلاس میں ہندوستانی وفد کے قائد اور وزیر تجارت وصنعت پیوش گوئل نے کہا کہ اتفاقِ رائے سے فیصلے کا نظام ڈبلیوٹی او کے جواز کی بنیاد ہے۔

اس اجلاس میں وزراء نے ڈبلیوٹی او کے طریقہ کار میں اصلاحات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ڈبلیوٹی او کی اصلاحات میں 'یوراگوئے راؤنڈ' سے پیدا ہونے والی ناہمواریوں کا حل ہونا چاہیے۔ 'پہلے سے طے شدہ ایجنڈے سمیت فیصلہ سازی کے عمل' کے معاملے پر بات کرتے ہوئے، مسٹر گوئل نے واضح کیا کہ اتفاقِ رائے پرمبنی فیصلہ سازی کثیر جہتی تنظیم کی ساکھ کے لیے ناگزیر ہے، اور یہ اہم ہے کہ یہ تنظیم اراکین کے خودمختار حقوق کو نظرانداز نہ کرے اور ایسے قوانین مسلط کرنے کی کوشش نہ کی جائے جن پر عام رضامندی نہ ہو۔

اتفاقِ رائے سے فیصلہ کرنے میں پیش آنے والے چیلنجوں پر قابو پانے کے لیے اعتماد کی بحالی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے، ہندوستان نے اس بات پر زور دیا کہ ڈبلیوٹی او کو موجودہ تعطل اور اس کی بنیادی وجوہات کا احتیاط سے جائزہ لینا چاہیے، اور یہ بھی یقینی بنانا چاہیے کہ تمام بحث ومباحثہ شفاف، ہمہ گیر اور رکن ممالک کے زیرِ انتظام ہو۔ ہندوستان نے یہ بھی کہا کہ ایک مربوط کثیر جہتی تجارتی نظام اپنے ادارہ جاتی ڈھانچے کے اندر تصادم کے رہتے ہوئے ترقی نہیں کرسکتا۔

اس اجلاس میں اراکین کو 'مساوی مواقع ملنے کے مسائل' پر مسٹر گوئل نے کہا کہ بات چیت میں یوراگوئے راؤنڈ کی ناہمواریوں کو مدنظر رکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے غذائی تحفظ، عوامی تحفظ کے معیارات اور کپاس جیسے طویل عرصے سے زیرِ التواء مسائل کو ترجیح دینے کی ضرورت پر زور دیا، ساتھ ہی ڈھانچہ جاتی عدم مساوات کو دور کرنے کے لیے نئے امور پر غور کرنے کی بھی اپیل کی۔ ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن کے تنازعات کے حل کے نظام کی مسلسل خامیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے، ہندوستان نے کہا کہ موثر عدالتی فیصلے کے بغیر قوانین اپنا اثر کھو دیتے ہیں، جس سے چھوٹے ممالک کو غیر متناسب نقصان ہوتا ہے۔

ہندوستان نے تجارتی انتقام کو جائز قرار دینے یا جائز مقامی پالیسیوں کو چیلنج کرنے کے لیے شفافیت کے غلط استعمال کے خلاف بھی خبردار کیا۔ ہندوستان کا موقف ہے کہ اس کے بجائے، اسے بامعنی اور مستقل صلاحیت سازی کی امداد کے ساتھ پیش کیا جانا چاہیے، تاکہ تمام اراکین منصفانہ اور موثر طریقے سے اپنی ذمہ داریاں پوری کرسکیں۔ کانفرنس کے دوسرے دن کا اختتام ڈبلیوٹی او اصلاحات کی شفافیت پر وزارتی مکمل اجلاس کے ساتھ ہوا۔

اس سیشن میں کامرس سکریٹری راجیش اگروال نے ٹھوس شواہد کے تجزیے، تجاویز اور وزارتی فیصلوں کی بنیاد پر، مقررہ اہداف کے ساتھ وقت کے پابند اصلاحاتی کوششوں کو دوبارہ شروع کرنے کے لیے ہندوستان کی حمایت کا اظہار کیا۔ ہندوستان نے واضح طور پر مخصوص مسائل کو چننے اور پہلے سے طے شدہ یا متعصبانہ نقطۂ نظر کو فروغ دینے سے بچنے کا مطالبہ کیا۔ مسٹر اگروال نے کثیر جہتی تجارتی نظام کی تقسیم کے خلاف خبردار کرتے ہوئے اتفاقِ رائے کے عمل کو کھلے پن، شفافیت اور رکن ممالک کے زیرِ اثر اصولوں پر مبنی کرنے پر زور دیا۔

کانفرنس کے دوسرے دن الگ الگ دوطرفہ ملاقاتوں کے دوران، مسٹر گوئل نے امریکہ، چین، کوریا، سوئٹزرلینڈ، نیوزی لینڈ، کینیڈا، مراکش اور عمان کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ یہ ملاقاتیں کانفرنس کے ایجنڈے کے ساتھ ساتھ دوطرفہ تجارتی تعلقات کو گہرا کرنے پر مرکوز تھیں۔ ڈبلیوٹی او کانفرنس 26 مارچ کو شروع ہوئی تھی اور 29 مارچ کو اختتام پذیر ہوگی۔

کچھ کارروائیاں اور سرگرمیاں

اپوزیشن لیڈران کی سیکورٹی میں کمی ناقابل قبول/ وحیدالرحمان پرہ

کے این ایس/ ممبر اسمبلی پلوامہ اور پی ڈی پی لیڈر وحید الرحمٰن پارا نے ہفتہ کو کہا کہ جموں وکشمیر میں اپوزیشن لیڈروں کی سیکورٹی کور میں کمی ناقابل قبول ہے انہوں ڈاکٹر فاروق عبداللہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے فاروق عبداللہ سینئر رہنما ہے جو احترام اور مناسب سیکورٹی کے مستحق ہے۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق میڈیا سے بات کرتے ہوئے ایم ایل اے پلوامہ نے کہا کہ جموں وکشمیر میں سیکورٹی ایک حفاظتی اقدام کے طور پر کام کرتی ہے، خاص طور پر سیاسی لیڈروں کے لیے جو خطرات کا سامنا کر رہے ہیں، اور تحفظ میں کوئی بھی کمی بلا جواز اور خطرناک ہے۔ فاروق عبداللہ کا حوالہ دیتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ سینئر رہنما مناسب احترام اور مناسب سیکورٹی کے مستحق ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ یہ مسئلہ افراد سے بڑھ کر تمام اپوزیشن شخصیات کی حفاظت تک پھیلا ہوا ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے سوال کیا کہ انہوں نے انتخابی سیکورٹی خدشات کو کیا قرار دیا، اور الزام لگایا کہ اپوزیشن کی آوازوں کو جان بوجھ کر خطرے میں ڈالا جا رہا ہے۔ ایم ایل اے پرا نے کہا کہ محبوبہ مفتی کو سابق وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے فراہم کردہ حفاظتی احاطہ اور سرکاری رہائش کا حق اس سے قبل واپس لے لیا گیا تھا جسے انہوں نے سیاسی طور پر خاموش کرنے کی کوشش کے طور پر بیان کیا تھا۔ انہوں نے متنبہ کیا کہ اپوزیشن لیڈروں کو پہنچنے والے کسی بھی نقصان کی حکومت کو جوابدہ ٹھہرایا جائے گا، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ سابق وزرائے اعلیٰ سمیت سیاسی شخصیات کی سیکیورٹی پر سمجھوتہ کرنا ایک سنگین معاملہ ہے جس کی فوری وضاحت کی ضرورت ہے۔

بھارت کے دو مزید جہازوں نے آبنائے ہرمز کو محفوظ طریقے سے عبور کرلیا

یو این آئی/ مغربی ایشیا کے بحران کے باعث خطے سے توانائی کی مختلف مصنوعات کی فراہمی متاثر ہونے کے درمیان ایک راحت بخش خبر آئی ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات سے لدے ہندوستان کے دو مزید تجارتی جہازوں نے آبنائے ہرمز کو محفوظ طریقے سے عبور کرلیا ہے۔ اس سے قبل بھی ہندوستان کے ایل پی جی سے لدے چار ٹینکر آبنائے ہرمز کے راستے سے وطن واپس آ چکے ہیں۔ ذرائع کے مطابق، پیٹرولیم مصنوعات سے لدے ہندوستانی پرچم والے دو تجارتی جہازوں نے آبنائے ہرمز کو محفوظ طریقے سے پار کرلیا ہے۔ ہندوستانی بحریہ کے اس خطے میں تعینات جنگی جہاز ضرورت پڑنے پر ان جہازوں کی حفاظت کے لیے تیار رکھے گئے ہیں۔ تاہم، ان جہازوں کے نام، ان میں لدی مصنوعات اور ان پر سوار افراد کے بارے میں کوئی تصدیق شدہ معلومات نہیں دی گئی ہیں۔ ایران کئی بار یہ بات کہہ چکا ہے کہ وہ ہندوستان سمیت کچھ دوست ممالک کے جہازوں کو آبنائے ہرمز سے بغیر کسی رکاوٹ کے گزرنے دے گا۔ ہندوستان مغربی ایشیا کے بحران کے بعد سے خطے میں پھنسے اپنے تجارتی جہازوں کے محفوظ انخلاء کے لیے مختلف سطحوں پر متعلقہ فریقین کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور اسی کا نتیجہ ہے کہ بھارتی جہاز آہستہ آہستہ اس خطے سے نکلنے میں کامیاب ہو رہے ہیں۔ اس دوران، وزارت بندرگاہ، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے جمعہ کو ایک بریفنگ کے دوران تصدیق کی تھی کہ خلیجی خطے میں تمام ہندوستانی ملاح (کرو ممبرز) محفوظ ہیں۔ انہوں نے کہا تھا، "گزشتہ 24 گھنٹوں میں خلیجی خطے میں ہندوستانی پرچم والے جہازوں یا ملاحوں سے متعلق کوئی واقعہ رپورٹ نہیں ہوا ہے۔ 20 جہازوں پر سوار تمام 540 ملاح محفوظ ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل شپنگ کے کمیونیکیشن سینٹر نے، جو 24 گھنٹے فعال رہتا ہے، 98 کالز اور 335 ای میلز کا تصفیہ کیا اور 25 ہندوستانی ملاحوں کی بحفاظت وطن واپسی میں مدد کی۔" ہندوستان کے ایل پی جی سے لدے چار ٹینکر 'شوالک'، 'نندا دیوی'، 'پائن گیس' اور 'جگ وسنت' پہلے ہی ہرمز کو پار کرکے ملک پہنچ چکے ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ امریکہ اور اسرائیل کے ایران پر مشترکہ حملوں کے بعد سے ایران نے مغربی ایشیائی ممالک سے پیٹرولیم مصنوعات لے کر آنے والے جہازوں کے لیے آبنائے ہرمز کے مصروف ترین راستے کو بند کر رکھا ہے۔ ایران نے جمعہ کو بھی تین جہازوں کو ہرمز عبور کرنے سے روک دیا تھا اور انہیں واپس بھیج دیا تھا۔

پہلے کی حکومتیں ہوائی سفر کو صرف امیروں تک محدود سمجھتی تھیں/ مودی

یو این آئی// وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پہلے کی حکومتیں ہوائی سفر کو صرف امیروں تک محدود سمجھتی تھیں، جبکہ موجودہ حکومت نے اسے عام اور غریب لوگوں کے لیے بھی قابلِ رسائی بنا دیا ہے۔ نوائیڈا انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے افتتاح کے بعد ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ 12 برسوں میں ملک کے ایوی ایشن سیکٹر میں تیزی سے ترقی ہوئی ہے، جس سے نوجوانوں کے لیے بڑی تعداد میں روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2014 سے پہلے ملک میں صرف 74 ہوائی اڈے تھے، جبکہ اب ان کی تعداد بڑھ کر 160 سے زیادہ ہوگئی ہے۔ صرف اتر پردیش میں ہی اب 17 ایئرپورٹس فعال ہیں، جس سے چھوٹے شہروں تک بھی رابطہ بہتر ہوا ہے۔ وزیر اعظم نے بتایا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ نہ صرف ایئرپورٹس بنائے جائیں بلکہ ہوائی سفر کے کرایے بھی مناسب رکھے جائیں۔ اسی مقصد کے تحت اڑان اسکیم شروع کی گئی، جس کے ذریعے اب تک تقریباً 1.60 کروڑ افراد سستے کرایوں پر سفر کر چکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نے اڑان اسکیم کے اگلے مرحلے کے لیے تقریباً 29 ہزار کروڑ روپے کی منظوری دی ہے، جس کے تحت آئندہ آٹھ برسوں میں چھوٹے شہروں میں 100 نئے ہوائی اڈے اور 200 سے زائد ہیلی پیڈ تعمیر کیے جائیں گے۔ مسٹر مودی نے کہا کہ ملک میں ہوابازی کے شعبے کی ترقی کے ساتھ جہازوں کی ضرورت بھی بڑھ رہی ہے اور انڈین ایئرلائنز نے سینکڑوں طیاروں کے آرڈر دیے ہیں۔ ان کی پرواز، دیکھ بھال اور مرمت کے لیے بڑے پیمانے پر افرادی قوت درکار ہوگی، جس کے لیے تربیتی مراکز قائم کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے اس بات کا بھی ذکر کیا کہ پہلے ملک میں مرمت، دیکھ بھال اور اوورہال (ایم آر او) کی مناسب سہولت موجود نہیں تھی اور آج بھی 85 فیصد طیارے مرمت کے لیے بیرونِ ملک بھیجنے پڑتے ہیں۔ حکومت اب اس شعبے میں بھی خود کفالت حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوئیڈا ایئرپورٹ پر ایم آر او سہولت کے قیام سے نہ صرف ملک و بیرونِ ملک کے طیاروں کی مرمت یہیں ہوگی بلکہ اس سے آمدنی میں اضافہ اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔

حکومت عام شہریوں پر غیر معمولی اقتصادی بوجھ ڈال رہی ہے/ پی ڈی پی

یو پی آئی// جموں وکشمیر میں بڑھتی مہنگائی، بجلی و پانی کے بھاری بلوں اور میونسپل ٹیکس کے نفاذ کے خلاف پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) نے ہفتے کے روز سرینگر میں زبردست احتجاجی مارچ نکالا۔ پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں نے الزام لگایا کہ حکومت عام شہریوں پر غیر معمولی اقتصادی بوجھ ڈال رہی ہے جبکہ گھرانوں کی آمدنی محدود اور مشکلات بڑھتی جارہی ہیں۔ مختلف علاقوں سے پی ڈی پی کارکنان پریس کالونی کے قریب جمع ہوئے اور انتظامیہ کے خلاف نعرے بازی کی۔ مظاہرین ہاتھوں میں پلے کارڈز لیے ہوئے تھے جن پر بجلی کے بل، پانی کے چارجز اور میونسپل ٹیکس کے خاتمے کا مطالبہ درج تھا۔ پی ڈی پی کے جنرل سیکریٹری محمد خورشید عالم نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مارچ کے اختتام پر کشمیر کے عوام شدید مالی بحران کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا: "ایک طرف تنخواہیں وقت پر نہیں مل رہیں، دوسری طرف بجلی اور پانی کے بلوں میں مسلسل اضافہ کیا جارہا ہے۔ ایسے حالات میں لوگوں سے بھاری بھرکم چارجز وصول کرنا ناانصافی ہے۔" خورشید عالم نے الزام لگایا کہ حکومت نے پاور ایمنسٹی اسکیم کو اچانک بند کرکے لوگوں کی مشکلات میں اور اضافہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام اس اسکیم کے تسلسل کی امید کررہے تھے تاکہ انہیں کچھ ریلیف مل سکے، لیکن اس کے برعکس بجلی کے اضافی نرخ عائد کر دیے گئے۔ پی ڈی پی رہنماؤں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ جل شکتی محکمے نے گزشتہ کئی سالوں کے پانی کے واجبات کی ادائیگی کا مطالبہ کرتے ہوئے صارفین کو پریشانی میں ڈال دیا ہے۔ "لوگ ادائیگی کے لیے تیار ہیں، لیکن حالات کے پیش نظر انہیں وقت اور ریلیف دینا ضروری ہے۔" مظاہرین نے بڑھتی مہنگائی، بجلی کی بار بار کٹوتی، اور میونسپل ٹیکسوں کے نفاذ کے خلاف سخت ناراضگی ظاہر کی۔

گھٹنے کے درد کا مسئلہ: احتیاطیں اور حل

فاطمہ اسلم

انسان جب جوان ہوتا ہے تو جسم کے ہر حصے میں ایک قدرتی طاقت موجود رہتی ہے۔ ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں اور جوڑ پوری لچک کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ مگر وقت کے ساتھ ساتھ یہ طاقت کمزور پڑنے لگتی ہے اور سب سے پہلے جوڑوں پر اس کے اثرات نمایاں ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ خاص طور پر گھٹنے جو ہر روز چلنے، اٹھنے، بیٹھنے اور وزن اٹھانے میں استعمال ہوتے ہیں، وہ عمر بڑھنے کے ساتھ سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ 45 سال کے بعد گھٹنوں کے درد کا مسئلہ ایک عام شکایت کے طور پر سامنے آتا ہے۔

گھٹنوں کا درد بعض اوقات ہلکا سا ہوتا ہے جسے نظر انداز کر دیا جاتا ہے، مگر کئی بار یہ اتنا بڑھ جاتا ہے کہ روزمرہ کی زندگی بری طرح متاثر ہونے لگتی ہے۔ مریض کے لیے چلنا پھرنا، سیڑھیاں چڑھنا، یا حتیٰ کہ کرسی سے اٹھنا بھی ایک مشکل مرحلہ بن جاتا ہے۔ یہ کیفیت محض جسمانی تکلیف ہی نہیں بلکہ ذہنی دباؤ اور مایوسی کا باعث بھی بنتی ہے۔

اس تکلیف کی ایک اہم وجہ ہڈیوں کی کمزوری ہے۔ جب جسم میں کیلشیم اور وٹامن ڈی کی کمی ہو جائے تو ہڈیاں بھربھری ہو جاتی ہیں اور جوڑوں پر زیادہ دباؤ محسوس ہونے لگتا ہے۔ یوں گھٹنوں میں درد، سوجن اور اکڑاؤ جیسی علامات ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ اس کے علاوہ بڑھتی ہوئی عمر کے ساتھ جوڑوں میں موجود کارٹلیج آہستہ آہستہ گھسنے لگتا ہے، جس کی وجہ سے ہڈیاں براہِ راست آپس میں ٹکرانے لگتی ہیں اور درد میں شدت پیدا ہو جاتی ہے۔

گھٹنوں کا درد بعض اوقات ہلکا سا ہوتا ہے جسے نظر انداز کر دیا جاتا ہے، مگر کئی بار یہ اتنا بڑھ جاتا ہے کہ روزمرہ کی زندگی بری طرح متاثر ہونے لگتی ہے۔ مریض کے لیے چلنا پھرنا، سیڑھیاں چڑھنا، یا حتیٰ کہ کرسی سے اٹھنا بھی ایک مشکل مرحلہ بن جاتا ہے۔ یہ کیفیت محض جسمانی تکلیف ہی نہیں بلکہ ذہنی دباؤ اور مایوسی کا باعث بھی بنتی ہے۔

آرتھرائٹس بھی گھٹنوں کے درد کی ایک بڑی وجہ ہے۔ یہ بیماری زیادہ تر درمیانی عمر اور بڑھاپے کے افراد کو متاثر کرتی ہے۔ آرتھرائٹس میں جوڑوں میں سوزش آجاتی ہے، جس سے گھٹنوں کی حرکت محدود ہو جاتی ہے اور مریض کو سخت تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ بعض افراد میں زیادہ وزن بھی گھٹنوں کے لیے خطرہ بن جاتا ہے کیونکہ جسم کا اضافی بوجھ براہِ راست ان جوڑوں پر پڑتا ہے۔

اس مسئلے سے بچاؤ کے لیے سب سے پہلے طرزِ زندگی میں تبدیلی ضروری ہے۔ مناسب غذا کا استعمال گھٹنوں کی صحت کے لیے نہایت اہم ہے۔ دودھ، دہی، مچھلی اور سبز پتوں والی سبزیاں کیلشیم اور وٹامن ڈی کی بہترین مقدار فراہم کرتی ہیں، جو ہڈیوں کو مضبوط اور صحت مند رکھتی ہیں۔ اگر غذا میں یہ اجزاء کم ہوں تو سپلیمنٹس بھی ڈاکٹر کے مشورے سے لیے جاسکتے ہیں۔

ورزش بھی گھٹنوں کے درد کو کم کرنے اور جوڑوں کو متحرک رکھنے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ تاہم ورزش ہمیشہ ہلکی پھلکی اور محتاط ہونی چاہیے۔ روزانہ تیز قدموں سے چہل قدمی، تیراکی یا یوگا ایسے طریقے ہیں جو گھٹنوں کو مضبوط بنانے میں مدد دیتے ہیں۔ اس کے برعکس بھاری وزن اٹھانے والی یا جھٹکے دار ورزشیں نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہیں۔

بعض اوقات گھٹنوں کے درد میں گھریلو تدابیر بھی مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ نیم گرم پانی کی ٹکور یا ہلکی مالش گھٹنوں میں خون کی روانی کو بہتر بناتی ہے اور وقتی آرام پہنچاتی ہے۔ اس کے علاوہ آرام دہ اور نرم جوتوں کا استعمال بھی گھٹنوں پر دباؤ کو کم کرتا ہے۔ غلط قسم کے جوتے، خاص طور پر سخت یا ہائی ہیل والے، جوڑوں کے درد کو مزید بڑھا دیتے ہیں۔

اگر درد بہت زیادہ بڑھ جائے اور گھریلو علاج یا عام ادویات سے آرام نہ آئے تو ماہرِ امراضِ جوڑ سے رجوع کرنا ضروری ہے۔ ڈاکٹر بعض صورتوں میں فزیوتھراپی تجویز کرتے ہیں، جس سے پٹھے مضبوط ہوتے ہیں اور گھٹنوں کی حرکت بہتر ہوتی ہے۔ کچھ مریضوں کے لیے انجیکشن یا جدید علاج کی صورتیں بھی اختیار کی جاتی ہیں۔ جبکہ آخری مرحلے میں گھٹنے کی تبدیلی (knee replacement) کا آپریشن کیا جاتا ہے، جو زندگی کو دوبارہ متحرک بنا سکتا ہے۔

احتیاطی تدابیر اپنانا گھٹنوں کے درد سے بچاؤ کا سب سے اہم طریقہ ہے۔ اگر شروع سے ہی وزن متوازن رکھا جائے، مناسب خوراک استعمال کی جائے، اور جوڑوں کو حرکت میں رکھا جائے تو بڑھاپے میں یہ تکلیف کافی حد تک کم ہو سکتی ہے۔ بدقسمتی سے اکثر افراد درد کو معمولی سمجھ کر علاج میں تاخیر کرتے ہیں، جو بعد میں پیچیدہ صورت اختیار کر لیتا ہے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ گھٹنوں کا درد صرف جسمانی مسئلہ نہیں رہتا بلکہ یہ انسان کی نفسیات پر بھی اثر ڈالتا ہے۔ مستقل درد انسان کو ناامیدی اور ڈپریشن کی طرف دھکیل سکتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ مریض کو نہ صرف طبی علاج فراہم کیا جائے بلکہ ذہنی سکون اور حوصلہ بھی دیا جائے تاکہ وہ اس تکلیف کا مقابلہ کر سکے۔

آخر میں یہ کہنا بجا ہے کہ گھٹنوں کے درد کو بڑھتی عمر کا لازمی حصہ نہیں سمجھنا چاہیے۔ اگر انسان اپنی صحت کا خیال رکھے، متوازن غذا لے، مناسب ورزش کرے اور وقتاً فوقتاً معالج سے معائنہ کرواتا رہے تو یہ مسئلہ بہت حد تک قابو میں رہ سکتا ہے۔ یوں بڑھاپے کی زندگی بھی آرام دہ اور متحرک انداز میں گزاری جاسکتی ہے۔

خبرونظر

جموں وکشمیر میں 26 ہزار سے زائد گھرانے شمسی توانائی اسکیموں سے مستفید/ مرکزی حکومت

یو این ایس// مرکزی حکومت نے راجیہ سبھا کو بتایا ہے کہ جموں و کشمیر میں مختلف مرکزی اسکیموں کے تحت 26 ہزار سے زائد گھرانے روف ٹاپ سولر منصوبوں سے مستفید ہو چکے ہیں، جبکہ خطے کے توانائی کے نظام میں اب بھی ہائیڈرو پاور کا غلبہ برقرار ہے۔ وزیر مملکت برائے نئی و قابل تجدید توانائی شری پدیسو نائک نے ایک غیر ستارہ سوال کے جواب میں کہا کہ وزارت کی اسکیمیں مرکزی سیکٹر پروگراموں کے طور پر نافذ کی جارہی ہیں اور فنڈز کی اجرائیگی ریاستی بنیادوں کے بجائے اسکیم کے رہنما اصولوں کے مطابق کی جاتی ہے۔ یو این ایس کے مطابق انہوں نے بتایا کہ گزشتہ تین برسوں کے دوران پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا اور پی ایم کسم اسکیم کے تحت مالی معاونت فراہم کی گئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 2022-23 میں روف ٹاپ سولر کیلئے 1.20 کروڑ روپے جبکہ پی ایم کسم کے تحت 15.69 کروڑ روپے جاری کیے گئے۔ 2023-24 میں کوئی فنڈ جاری نہیں ہوا، تاہم 2024-25 میں نمایاں اضافہ ہوا اور روف ٹاپ سولر منصوبوں کیلئے 59.85 کروڑ روپے جبکہ پی ایم کسم کے تحت 12.90 کروڑ روپے فراہم کیے گئے۔ حکومت کے مطابق 28 فروری 2026 تک جموں وکشمیر میں قابل تجدید توانائی کی مجموعی نصب شدہ صلاحیت 3,629.41 میگاواٹ ہے، جس میں 3,360 میگاواٹ بڑے ہائیڈرو پروجیکٹس، 189.93 میگاواٹ چھوٹے ہائیڈرو منصوبے اور 79.48 میگاواٹ شمسی توانائی شامل ہے۔ پی ایم سوریہ گھر یوجنا کے تحت اب تک 26,730 گھرانے مستفید ہوئے ہیں۔ ضلع سری نگر میں سب سے زیادہ 4,538 مستفیدین ریکارڈ کیے گئے، اس کے بعد جموں (3,881) اور کپواڑہ (2,494) کا نمبر آتا ہے۔ اننت ناگ، کٹھوعہ، بارہمولہ، بڈگام اور پلوامہ میں بھی نمایاں پیش رفت دیکھی گئی، جبکہ کشتواڑ، پونچھ اور ریاسی میں نسبتاً کم استفادہ رپورٹ ہوا۔ مرکزی حکومت نے بتایا کہ قابل تجدید توانائی کے فروغ کیلئے مختلف پالیسی اور مالی اقدامات کیے جارہے ہیں، خاص طور پر دور دراز اور سرحدی علاقوں میں۔ ان میں خصوصی زمرہ جات کیلئے زیادہ مالی معاونت، نیشنل گرین ہائیڈروجن مشن اور گرین انرجی کوریڈور جیسے اقدامات شامل ہیں۔ حکام کے مطابق یہ تمام کوششیں بھارت کے 2030 تک 500 گیگاواٹ غیر فوسل فیول توانائی صلاحیت حاصل کرنے کے ہدف کے مطابق کی جارہی ہیں۔

ٹرمپ کا نیٹو سے فوجی امداد نہ دینے پر مایوسی کا اظہار

ایس ۔432 بتاریخ 3/جون 1966ء کے تحت ملکیتی حقوق دیئے گئے تھے جبکہ اس سے قبل انہیں 1958 کے گورنمنٹ آڈر نمبر ایل بی/6۔سی کے تحت 'ٹیننٹس ایٹ وِل' قرار دیا گیا تھا۔ یہ بھی بتایا گیا کہ یہ حقوق مخصوص شرائط کے تحت دیئے گئے تھے جن میں یہ شامل ہے کہ زمین کو صرف زرعی مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے گا اور حکومت کی پیشگی اجازت کے بغیر اس کی منتقلی نہیں کی جاسکتی۔ وزیر نے مزید ایوان کو آگاہ کیا کہ یہ معاملہ محکمہ میں قانون کے مطابق مناسب کارروائی کے لئے زیرِ غور ہے۔ اس موقعہ پر رُکن اسمبلی آر ایس پٹھانیہ نے اس موضوع پر ضمنی سوالات اُٹھائے جن کا مناسب جواب دیا گیا۔

بقیہ نمبر 7

احتیاط برتتے ہوئے پائلٹ نے ترجیحی بنیادوں پر لینڈنگ کی اجازت مانگی۔

بقیہ نمبر 8

اس سے علاقے کو زیادہ فائدہ ہوگا۔'' اُنہوں نے مقامی نمائندے کی طرف سے اُٹھائے گئے خدشات کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ کرناہ جیسے دُور دراز علاقوں میں سیاحت کے فروغ کے لئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ اُنہوں نے کہا،''اس میں کوئی شک نہیں کہ محترم ایم ایل اے صاحب کا علاقہ انتہائی خوبصورت ہے لیکن یہ دور افتادہ بھی ہے۔ ممکن ہے کہ ہم سیاحت کے فروغ کے لئے اتنا کام نہ کر سکے ہوں جتنا کرنا چاہیے تھا۔'' وزیر اعلیٰ نے ٹی ڈی ڈرنگیاری سے سادھنا پاس کے راستے زرلا تک مجوزہ کیبل کار منصوبے کے حوالے سے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ فی الحال محکمہ سیاحت کے زیرِ غور ایسا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ اُنہوں نے دوسرے خطوں کی مثالوں کا حوالہ دیتے ہوئے اس تاثر سے خبردار کیا کہ کیبل کار کی تنصیب سے سیاحوں کی آمد میں خود بخود اضافہ ہوتا ہے۔ اُنہوں نے گلمرگ، جموں، سری نگر اور پتنی ٹاپ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ متعدد مقامات پر گنڈولہ کی سہولیات کے باوجود سیاحوں کی تعداد گلمرگ میں ہی زیادہ رہتی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا،''ہر کوئی گلمرگ پر نظر رکھتا ہے اور سوچتا ہے کہ اگر ان کے علاقے میں کیبل کار لگا دی جائے تو اسی طرح سیاح آئیں گے۔ یہ درست نہیں ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا ''اگر مناسب منصوبہ بندی کے بغیر گنڈولہ نصب کیا جائے اور وہ قابلِ عمل نہ ہو تو اس سے جموں وکشمیر کے لوگوں کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔'' اُنہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ حکومت جموں وکشمیر بھر میں سیاحت کے فروغ کے لئے پُرعزم ہے اور کم معروف مقامات کو سیاحتی نقشے پر لانے کے لئے کام کر رہی ہے، بشرطیکہ وسائل اور عملداری دستیاب ہو۔ وزیر اعلیٰ نے کرناہ حلقہ میں سیاحت کو فروغ دینے کے لئے کئے گئے مختلف اقدامات کا بھی ذکر کیا جن میں ڈرنگیاری میں سیاحتی کیفے ٹیریا اور عوامی سہولیات کی تعمیر، جنوری 2023 میں ڈرنگیاری میں سرمائی کارنیول کا انعقاد اور جون 2024 میں ٹیٹوال میں 'میگا یوگا فیسٹول' کا انعقاد شامل ہے۔ اُنہوں نے کہا،''ان اقدامات کا مقصد سیاحوں کی آمد میں اضافہ کرنا اور مقامی آبادی کے لئے روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہے۔''

بقیہ نمبر 9

کہ ہندوستانی فوج نے اہم ساز و سامان کی تیز رفتار اور منظم خریداری کے لیے ایک نئی راہ کھول دی ہے۔ یہ قدم جی ای ایم کے ذریعے اسی طرح کے خریداری کے عمل کو اپنانے کے لیے وسیع تر ادارہ جاتی اہمیت بھی رکھتا ہے۔

بقیہ نمبر 10

مریضوں سے من مانی فیس وصول کرنے کی اجازت نہیں دے گی۔ انہوں نے اراکین اسمبلی سے کہا کہ اگر اس طرح کی کوئی شکایت ہو تو اسے حکومت کے نوٹس میں لایا جائے۔

بقیہ نمبر 11

بتایا کہ اب تک 262 صحافیوں کو ایکریڈیٹیشن جاری کی جا چکی ہے، جو 2022 میں جاری رہنما خطوط کے تحت دی گئی۔ محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ کی سرگرمیوں کا ذکر کرتے ہوئے حکومت نے کہا کہ میڈیا اہلکاروں کے لیے کیپسٹی بلڈنگ ورکشاپس باقاعدگی سے منعقد کی جاتی ہیں، جبکہ شعبہ صحافت سے وابستہ طلبہ کے لیے انٹرن شپ کے مواقع بھی فراہم کیے جاتے ہیں۔ اسی محکمے کے ذریعے سرکاری اشتہارات اخبارات، ٹی وی چینلز اور ریڈیو اسٹیشنوں کو ''میڈیا پالیسی 2020'' کے مطابق تقسیم کیے جاتے ہیں۔ اشتہارات کے لیے مختص اور صرف شدہ بجٹ کی تفصیلات بھی ایوان میں پیش کی گئیں۔ مالی سال 2024-25 میں 76.60 کروڑ روپے مختص کیے گئے جن میں سے 101.09 کروڑ روپے خرچ ہوئے، جبکہ مالی سال 2025-26 میں 72.15 کروڑ روپے مختص کیے گئے، جن میں سے 48.29 کروڑ روپے 31 جنوری 2026 تک استعمال کیے جا چکے ہیں۔ جہاں تک نئے پریس کلبوں کے قیام کا تعلق ہے، حکومت نے کہا کہ اس حوالے سے صحافیوں کی انجمنوں اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد ضرورت کے مطابق فیصلہ لیا جائے گا۔ ایوان کو یقین دہانی کرائی گئی کہ حکومت میڈیا کے لیے سہولیات، شفافیت اور پیشہ ورانہ ماحول کو بہتر بنانے کے عزم پر قائم ہے اور مستقبل میں بھی اس حوالے سے مزید اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 12

قاسم کے خلاف 2024 میں تھانہ مہور میں یو اے پی اے، آرمز ایکٹ کے تحت مقدمہ درج ہے، جس کے بعد سے وہ سیکورٹی ایجنسیوں کی نگرانی میں تھا۔ ایک مشترکہ ٹیم، جس میں پولیس اور محکمے کے اہلکار شامل تھے، نے مہور سب ڈویژن کے اپر انگرالہ گاؤں میں کارروائی انجام دیتے ہوئے تقریباً تین مرلہ اراضی کو قانونی کارروائی کے تحت ضبط کر لیا۔ ترجمان کے مطابق یہ قدم دہشت گردی کے مادی اور مالی سپورٹ سسٹم کو جڑ سے اکھاڑنے کی سمت میں ایک اہم پیش رفت ہے۔

باقیات: صفحہ دو سے آگے

101

کو بہتر سمت دینے میں نمایاں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ قومی تعلیمی پالیسی اور کووڈ-19 کے بعد ایک نئی تعلیمی انقلاب کی بنیاد پڑی ہے۔ کووڈ کے دوران جہاں روایتی کلاسز ختم ہو گئیں، وہیں تمام متعلقہ فریقین نے مل کر نئے تعلیمی پلیٹ فارمز تیار کیے، اساتذہ کو تربیت دی اور دیہی علاقوں تک آن لائن تعلیم کے وسائل پہنچائے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کے انضمام، قومی تعلیمی پالیسی کے تحت جدت اور تحقیق پر زور نے ایک نیا نظام قائم کیا ہے جس کا مقصد بھارت کو علم پر مبنی معیشت بنانا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ ہم ایک ایسے دور میں جی رہے ہیں جہاں تبدیلی مسلسل جاری ہے اور ٹیکنالوجی اب صرف معاون نہیں بلکہ ایک چیلنج بن چکی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ اس صورتحال میں ہمیں جوش اور عزم کے ساتھ قوم کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ تقریب کے دوران لیفٹیننٹ گورنر نے نمایاں کارکردگی دکھانے والے افراد کو اعزازات سے نوازا اور انہیں ملک کی ترقی میں موثر کردار ادا کرنے کی ترغیب دی۔

102

ہے کہ اس سے علاقے کو زیادہ فائدہ ہوگا۔'' اُنہوں نے مقامی نمائندے کی طرف سے اُٹھائے گئے خدشات کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ کرناہ جیسے دُور دراز علاقوں میں سیاحت کے فروغ کے لئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ اُنہوں نے کہا،''اس میں کوئی شک نہیں کہ محترم ایم ایل اے صاحب کا علاقہ انتہائی خوبصورت ہے لیکن یہ دور افتادہ بھی ہے۔ ممکن ہے کہ ہم سیاحت کے فروغ کے لئے اتنا کام نہ کر سکے ہوں جتنا کرنا چاہیے تھا۔'' وزیر اعلیٰ نے ٹی ڈی ڈرنگیاری سے سادھنا پاس کے راستے زرلا تک مجوزہ کیبل کار منصوبے کے حوالے سے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ فی الحال محکمہ سیاحت کے زیرِ غور ایسا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ اُنہوں نے دوسرے خطوں کی مثالوں کا حوالہ دیتے ہوئے اس تاثر سے خبردار کیا کہ کیبل کار کی تنصیب سے سیاحوں کی آمد میں خود بخود اضافہ ہوتا ہے۔ اُنہوں نے گلمرگ، جموں، سری نگر اور پتنی ٹاپ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ متعدد مقامات پر گنڈولہ کی سہولیات کے باوجود سیاحوں کی تعداد گلمرگ میں ہی زیادہ رہتی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا،''ہر کوئی گلمرگ پر نظر رکھتا ہے اور سوچتا ہے کہ اگر ان کے علاقے میں کیبل کار لگا دی جائے تو اسی طرح سیاح آئیں گے۔ یہ درست نہیں ہے۔

103

افراد کی جلد صحت یابی کے لئے بھی دعا کی اور متعلقہ حکام پر زور دیا کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ وہ جلد از جلد صحت یاب ہو سکیں۔ انہوں نے انتظامیہ سے اپیل کی کہ ایسے حساس اور برفانی علاقوں میں حفاظتی اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے تاکہ مستقبل میں اس طرح کے افسوسناک واقعات سے بچا جا سکے۔ پارٹی جنرل سکریٹری حاجی علی محمد ساگر، رکن پارلیمان میاں الطاف احمد، حاجی حنیفہ جان، ایم ایل اے کنگن میاں مہر علی نے زبردست دکھ کا اظہار کیا اور مہلوکین کے لواحقین کیساتھ ایکس گریشیا ریلیف کا مطالبہ کیا ہے۔

104

وخروش اور لگن کے ساتھ منعقد کیا جائے تاکہ ''قوم اوّل'' کے جذبے اور خدمتِ خلق کے نظریے کی عکاسی ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ترقی پر مبنی حکمرانی اور ہمہ گیر ترقی کے ذریعے پارٹی نے عوام کے ساتھ اپنے روابط کو مزید مضبوط کیا ہے۔ اشوک کول نے جموں وکشمیر بھر میں منعقد کیے جانے والے پروگراموں کے تفصیلی شیڈول پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے ہدایت دی کہ 5 سے 7 اپریل تک پارٹی دفاتر کو سجایا جائے، تمام دفاتر پر پارٹی پرچم لہرایا جائے اور بوتھ سطح پر اجتماعات منعقد کیے جائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کارکنان ''گاؤں/بستی چلو ابھیان''، صفائی مہمات اور عوامی رابطہ سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ مودی حکومت کی کامیابیوں کو اجاگر کیا جا سکے اور نچلی سطح پر عوامی رابطہ مضبوط ہو۔ رویندر رینا نے پارٹی کے سینئر رہنماؤں کو ہدایت دی کہ تمام پروگراموں میں عوام کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ضلعی سطح پر اجلاسوں کے انعقاد، پارٹی کی تنظیمی ترقی پر مباحثے اور سرکاری اسکیموں سے متعلق عوام میں بیداری پیدا کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ یومِ تاسیس کی تقریبات کے دوران سینئر کارکنان اور دانشوروں کی عزت افزائی بھی کی جائے تاکہ پارٹی کے سماجی روابط مزید مستحکم ہوں۔

105

اور دسمبر 2025 تک جی پی فنڈ کے تمام زیرالتوا بلوں کی ادائیگی کا فیصلہ انتہائی قابلِ ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ طویل عرصے سے ملازمین ان ادائیگیوں کے منتظر تھے اور سابقہ ادوار میں ان معاملات میں غیر ضروری تاخیر اور لیت ولعل سے کام لیا جاتا رہا، جس کے باعث ملازمین کو مالی اور ذہنی دباؤ کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے اس مسئلے کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے عملی اقدامات کیے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت اپنے ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے بھی یکساں طور پر فکر مند ہے۔ انہوں نے اس اہم فیصلے پر عمر عبداللہ حکومت کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس سے نہ صرف ملازمین کا اعتماد بحال ہوگا بلکہ حکومتی نظام میں شفافیت اور جوابدہی کو بھی فروغ ملے گا۔ ایڈوکیٹ شوکت میر نے مزید کہا کہ عوامی فلاح کے منصوبوں، ترقیاتی کاموں میں تیزی اور مالی واجبات کی بروقت ادائیگی جیسے اقدامات اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ حکومت ایک واضح ویژن کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آئندہ بھی اسی عزم اور خلوص کے ساتھ عوامی خدمت کا سلسلہ جاری رکھے گی اور ریاست کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرے گی۔ اس موقعے پر پارٹی کے ترجمان عمران نبی ڈار، صوبائی یوتھ صدر مشتاق میر اور دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔

106

کی کثافت، جغرافیائی حالات اور رسائی کو مدنظر رکھتے ہوئے عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے معیار کے مطابق کیا گیا ہے۔ انہوں نے ایوان کو یہ بھی بتایا کہ بجی بہاڑہ میں قائم 110 بستروں پر مشتمل جدید ٹراما ہسپتال میں بی گریڈ کنسلٹنٹ کی 8 اسامیاں منظور شدہ ہیں جن میں سے 4 ماہرین تعینات ہیں جبکہ میڈیکل افسران کی 2 منظور شدہ اسامیاں بھی پُر ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پیرا میڈیکل عملے کی 24 منظور شدہ اسامیوں میں سے 11 پر تقرری ہو چکی ہے۔ وزیر سکینہ ایتو نے مزید کہا کہ خالی اسامیوں کو پُر کرنے اور ہسپتال کو مکمل طور پر فعال بنانے کے لئے محکمہ پہلے ہی 480 میڈیکل افسران کی اسامیوں کو جموں وکشمیر پبلک سروس کمیشن کو اشتہار اور تقرری کے لئے بھیج چکا ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ 802 نان گزیٹیڈ اسامیوں جن میں پیرا میڈیکل عملہ بھی شامل ہے، کو بھرتی کے لئے جموں وکشمیر سروسز سلیکشن بورڈ کو بھیجنے پر غور کیا جا رہا ہے۔

107

کے ترجمان ہربخش سنگھ، عشرت بٹ، میڈیا پینلسٹ ایڈووکیٹ اولیس اشرف شاہ نے شرکت کی۔ جبکہ پارٹی سربراہ سید محمد الطاف بخاری کی شرکت نے اجلاس کو خصوصی اہمیت بخشی۔ انہوں نے پارٹی کے میڈیا ونگ کو مضبوط بنانے کے لیے کئی تجاویز بھی دیں۔'' بیان میں مزید کہا گیا ہے،''اجلاس کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ تنظیمی انتخابات میں میڈیا ونگ فعال کردار ادا کرے گا اور شفاف اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنانے میں اپنا رول ادا کرے گی۔ یہ بھی طے پایا کہ میڈیا ونگ پارٹی اور اس کی قیادت کی سیاسی اور عوامی رابطہ مہم کی سرگرمیوں کو اجاگر کرے گا۔ اس کے علاوہ میڈیا ونگ عوام کو درپیش مسائل کو بھی اجاگر کرے گی اور پارٹی کو مزید مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کرے گا۔'' اس موقع پر بات کرتے ہوئے منتظر محی الدین نے ترجمانوں اور میڈیا پینلسٹوں پر زور دیا کہ وہ مین سٹریم میڈیا کے ساتھ ساتھ تمام سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اپنی موثر موجودگی برقرار رکھیں تاکہ اہم معاملات پر پارٹی کا موقف موثر انداز میں عوام کے سامنے پیش کیا جا سکے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ پارٹی ہیڈکوارٹرز سرینگر میں روزانہ بنیادوں پر دستیاب رہیں اور ہر تنظیمی اجلاس میں شرکت کریں تاکہ بہتر اور موثر رابطہ ممکن بنایا جا سکے۔

108

گیا کہ ان میں سے زیادہ تر منصوبے مکمل ہو چکے ہیں جبکہ باقی ترقی کے مختلف مراحل میں ہیں۔ تکمیل شدہ کاموں میں گائیڈ والز کی تعمیر، نہروں کی مرمت اور لائننگ، کمزور مقامات کو مضبوط بنانا، رساو؟ کو بند کرنا، اور اہم مقامات جیسے زانی کنال، لانی کنال، سریش کنال، کوگلدارہ کھل، مانینار کھل وغیرہ میں آبپاشی چینلوں کی ترقی شامل ہے۔ حکومت نے مزید بتایا کہ لاڈشنگر کنال اور کینز کھل جیسے بڑے منصوبے نابارڈ فنڈنگ کے تحت مکمل کیے گئے ہیں جس سے حلقے میں آبپاشی کی صلاحیت اور استحکام میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ حکومت بت اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ آبپاشی کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے، زرعی پیداوار کے تحفظ اور سیلابی خطرات کو کم کرنے کے لئے مستقل سرمایہ کاری اور ہدفی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ جاوید رانا نے خانصاحب حلقے کی مختلف نہروں سے متعلق منصوبوں کی تفصیلات بھی فراہم کیں جو نابارڈ، لنگوٹنگ اور پی ایم کے ایس وائی سکیموں کے تحت مکمل ہو چکے ہیں یا تکمیل کے قریب ہیں۔ حکومت نے خانصاحب حلقہ میں اہم آبپاشی منصوبوں کی صورتحال کے بارے میں بتایا کہ کئی اہم نہریں مکمل ہو چکی ہیں یا تکمیل کے قریب ہیں۔ کینز کھل اور لاڈشنگر بالترتیب لینگوٹنگ اور نابارڈ سکیموں کے تحت مکمل ہو چکے ہیں۔ اسی طرح سریش کھل، مانینار کھل اور گوگلدارہ کھل نے پی ایم کے ایس وائی کے تحت صد فیصد فزیکل پیش رفت حاصل کی ہے۔ اِب کھل 87 فیصد تکمیل کے ساتھ آخری مراحل میں ہے جبکہ ملا کھل پر کام جاری ہے جو 35 فیصد مکمل ہو چکا ہے۔

109

زور دیا تاکہ طلبہ کو روزگار کے بہتر مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ پیشہ ورانہ تعلیم کے حوالے سے انہوں نے آئی یو ایس ٹی اور ایس ایم وی ڈی یو کے وائس چانسلرز کو ہدایت دی کہ انجینئرنگ کالجوں اور آرکیٹیکچر اداروں میں داخلوں کی صورتحال کا جائزہ لے کر بہتری کے اقدامات تجویز کریں۔ اسی طرح کشمیر یونیورسٹی اور جموں یونیورسٹی کو بھی اپنے ملحقہ کالجوں میں داخلوں کے رجحانات کا جائزہ لینے اور کم داخلوں والے اداروں کے لیے اصلاحی اقدامات تجویز کرنے کی ہدایت دی گئی۔ انہوں نے نئے قائم شدہ کالجوں میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی کا بھی جائزہ لیا اور جاری تعمیراتی کاموں کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ اجلاس کے دوران کمشنر سیکریٹری محکمہ اعلیٰ تعلیم رام نیواس شرما نے خطے میں اعلیٰ تعلیم کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بتایا گیا کہ جموں وکشمیر میں اس وقت 9 یونیورسٹیاں اور 152 کالج موجود ہیں جبکہ مختلف نجی کالجوں میں طلبہ کی تعداد تین لاکھ سے زائد ہے۔

110

زور دے کر کہا کہ عوامی شرکت، خصوصاً بروقت نمونہ جات کی فراہمی اور جانچ، کلگام کو ٹی بی سے پاک ضلع بنانے کیلئے نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اسکریننگ کیلئے آگے آئیں تاکہ ضلع کو جلد از جلد ٹی بی فری قرار دیا جا سکے۔ اسپتال کے بنیادی ڈھانچے کا جائزہ لیتے ہوئے انہیں بتایا گیا کہ صحت خدمات کو مزید مضبوط بنانے کیلئے ڈیجیٹل ایکس رے پلانٹ، اینیتھیزیا اسٹیشن، آرتھوپیڈک سرجری تھیٹر، ڈائلاسز سینٹر کی مشینری اور ایک مخصوص مردہ خانہ شامل کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے صفائی برقرار رکھنے، بروقت علاج کو یقینی بنانے اور عوام کو موو؟ ثر اور مریض دوست طبی خدمات فراہم کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

111

۔انہوں نے کہا کہ سال 2026ء کے حالیہ آتشزدگی کے واقعات زیرِ غور ہیں اور مستحق افراد کو ایس ڈی آر ایف کے ضوابط کے مطابق ترجیحی بنیادوں پر امداد فراہم کی جائے گی۔

112

درخواست گزاروں کے کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے۔ انہوں نے مقررہ مدت کے اندر آدھار کوریج کو یقینی بنانے کے لیے ڈیٹا تجزیہ کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے مزید ہدایت دی کہ تمام ا؟ دھار مراکز کو مکمل طور پر فعال بنایا جائے تاکہ عوام کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ سینٹر آف ایکسیلینس کے قیام سے متعلق تیاریوں کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ تمام ضروری انتظامات جلد از جلد مکمل کیے جائیں تاکہ اس مرکز کو عوام کے فائدے کے لیے فوری طور پر فعال بنایا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف محکموں اور یو آئی ڈی اے آئی کے درمیان موثر تال میل پر بھی زور دیا تاکہ آدھار مراکز کی بہتر کارکردگی اور مقررہ اہداف کا بروقت حصول یقینی بنایا جا سکے۔

113

اور تعلیم کے لیے مسلسل جدوجہد کرتے ہیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ضلع انتظامیہ مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لیے ہمیشہ پرعزم ہے اور ہر ممکن تعاون فراہم کرتی رہے گی۔ انہوں نے پنشن اور سماجی تحفظ اسکیموں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ اسکیمیں مزدوروں کے لیے مالی استحکام اور باوقار زندگی کو یقینی بنانے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ انہوں نے تمام اہل مزدوروں سے اپیل کی کہ وہ ان اسکیموں میں بڑھ چڑھ کر اندراج کریں اور اسسٹنٹ لیبر کمشنر کو ہدایت دی کہ مکمل کوریج کے لیے باقاعدہ بیداری اور رجسٹریشن کیمپ منعقد کرنے کا جامع منصوبہ تیار کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت دی کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں تک رسائی کے لیے معلوماتی مواد جیسے پمفلٹس، پوسٹرز اور کتابچوں کی وسیع پیمانے پر تقسیم کو یقینی بنایا جائے۔

114

رضا کاروں اور طلبہ کی بڑی تعداد نے جوش وخروش کے ساتھ شرکت کی اور اپنی فنکارانہ صلاحیتوں کے ذریعے تحریکِ آزادی کے مختلف پہلوؤں کو خوبصورتی سے پیش کیا۔ اس موقع نے طلبہ کو اپنی تخلیقی صلاحیتوں کے اظہار کے ساتھ ساتھ قومی تاریخ کو بہتر انداز میں سمجھنے کا موقع فراہم کیا۔ پروگرام کی نگرانی این ایس ایس پروگرام افسران پروفیسر عرفان احمد وگے اور ڈاکٹر واسعہ حمید نے کی، جنہوں نے شرکاء کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان کی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ اس طرح کی سرگرمیاں نوجوانوں میں حب الوطنی اور سماجی ذمہ داری کے جذبے کو فروغ دیتی ہیں۔

اپیل برائے امداد

اوقاف کمیٹی گنڈ ابراہیم ترکولبل اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ حلال احمد ڈار گنڈ ابراہیم ترکولبل کا رہنے والا ہے۔ جو انتہائی غریب ہے جس کی بیوی کوثر بانو پچھلے چھ سال سے مسلسل بیمار ہے۔ گھر کا جو کچھ سہارا تھا وہ اسی کی دوائی معالجات پر خرچ ہوا۔ سائل ٹین شیڈ میں رہائش پذیر ہے کمسن بچے ہے۔ جن کی وقت پر روٹی بھی میسر نہیں رہتی۔ سائلہ میڈیکل انسٹی چیوٹ صورہ میں زیر علاج ہے تقریباً چھ لاکھ روپے خرچہ آتا ہے۔ جو میرے بس کی بات نہیں ہے۔ اس لئے عوام الناس سے پُرزور گزارش ہے کہ ہلال احمد ڈار کی غریب اور کسمپرسی کو مدنظر رکھ کر اس کی بھرپور مدد کی جائے جس کا اجر اللہ تعالیٰ آخرت میں دے گا۔

A/c No.0013040150002460
Name: Kounsara Bano J & K Bank
Pattan IFSC Code-JAKA0Pattan
Ph.No 6006179644

روزنامہ سرینگر ٹائمز
ایم بی سی نیوز ایجنسی بڈگام
سے خریدیں

ازنیابت شولی پورہ
باجلاس اختر احمد باباصاحب نائب تحصیلدار شولی پورہ
مضمون۔ درخواست منجانب زبیدہ منظور دختر منظور احمد شیخ ۔ ۔اویس منظور ساکنہ شولی پورہ تحصیل بڈگام ضلع بڈگام بمراد اجرائی سرٹیفکیٹ تحت ایس آر او 294
اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص وعام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائلہ نے ایک درخواست نسبت اجرائی بیک وارڈ ایریا سرٹیفکیٹ بذمرہ RBA پیش کی ہے جو کہ اس وقت دفتر ہذا میں زیر کاروائی ہے۔ پٹواری حلقہ کی رپورٹ کے بمطابق سائلہ کے کنبہ کی تفصیل معہ آمدنی بذیل درج ہے۔

نام افراد کنبہ	رشتہ ہمراہ متوفی	عمر	پیشہ/سالانہ آمدنی
منظور احمد شیخ ولد غلام رسول شیخ	باپ	50	گورنمنٹ ملازم 1111008 روپے
قیصرہ بانو زوجہ منظور احمد شیخ	ماں	48	گھریلو کام
زبیدہ منظور دختر منظور احمد شیخ	سائلہ	16	زیر تعلیم
اویس منظور ولد منظور احمد شیخ		14	زیر تعلیم

کل آمدنی مبلغ 1111008 روپے کے علاوہ سائلہ کے کنبہ کے پاس 5 کنال زرعی زمین موجود ہے جسکی آمدنی سالانہ 25000 روپے تک ہے۔ رپورٹ پٹواری کے مطابق سائلہ موضع شولی پورہ کا مستقل و پشتینی باشندہ ہے پچھلے پندرہ سالوں سے ترک سکونت نہیں کی ہے۔ اگر کسی شخص کو سرٹیفکیٹ اجراء کرنے میں کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ ایک ہفتے کے اندر اندر دفتر ہذا میں پیش کریں بعد گزرنے معیاد کوئی بھی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ UM

ازنیابت سرکل بچھوارہ تحصیل خانیار
عنوان۔ چٹھی آمدہ بورڈ آف سکول ایجوکیشن نیو کیمپس بمنہ سرینگر
No.F(Correction Section)B/KD/2026
Dated 18/03/2026
Furnishing of One and the Same person /real parents /Biological Parents / with Identifiable particulors Certificate

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں ایک چٹھی متذکرہ میں پیش ہوئی ہے۔ اس بارے میں پٹواری حلقہ سے رپورٹ طلب کی گئی ہے جس کے مطابق عبدالعزیز ڈار واقعی طور پر موضع برین میں رہائش پذیر ہے۔ سائل کا پسر ابو داؤد ولد عبدالعزیز ڈار کے سکول ریکارڈ میں بجائے والدہ کا نام دلشادہ کے دلشادہ مبین زوجہ عبدالعزیز ڈار کرنے کا خواہاں ہے۔ دلشادہ اور دلشادہ مبین ایک ہی عورت ہے۔
Dilshada and Dilshada Mubeen is one and the same women

قبل اس کے کہ معاملہ زیر بحث پر مزید کاروائی عمل میں لائی جائے ہر خاص وعام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی بھی شخص یا اشخاص کو کوئی بھی اعتراض ہو تو وہ اپنے اعتراضات ایک ہفتہ کے اندر اندر دفتر ہذا میں پیش کریں بعد گزرنے معیاد کوئی بھی اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔ Ra

ازنیابت شولی پورہ باجلاس اختر احمد باباصاحب نائب تحصیلدار شولی پورہ
مضمون۔ درخواست منجانب ساحل فاروق ولد فاروق احمد شیخ ساکنہ شولی پورہ تحصیل بڈگام ضلع بڈگام بمراد اجرائی سرٹیفکیٹ تحت ایس آر او 294
اشتہار بمراد آگاہی ہر خاص وعام

معاملہ مندرجہ عنوان الصدر میں سائل نے ایک درخواست نسبت اجرائی بیک وارڈ ایریا سرٹیفکیٹ بذمرہ RBA پیش کی ہے جو کہ اس وقت دفتر ہذا میں زیر کاروائی ہے۔ پٹواری حلقہ کی رپورٹ کے بمطابق سائل کے کنبہ کی تفصیل معہ آمدنی بذیل درج ہے۔

نام افراد کنبہ	رشتہ ہمراہ متوفی	عمر	پیشہ/سالانہ آمدنی
فاروق احمد شیخ ولد غلام رسول شیخ	باپ	55	مزدوری -/72000 روپے
نسیمہ زوجہ فاروق احمد شیخ	ماں	50	گھریلو کام
ساحل فاروق ولد فاروق احمد شیخ	سائل	16	زیر تعلیم
صبرینہ فاروق دختر فاروق احمد شیخ	بہن	14	زیر تعلیم

کل آمدنی مبلغ -/72000 روپے کے علاوہ سائل کے کنبہ کے پاس 5 کنال زرعی زمین موجود ہے جسکی آمدنی سالانہ 25000 روپے تک ہے۔ رپورٹ پٹواری کے مطابق سائل موضع شولی پورہ کا مستقل و پشتینی باشندہ ہے پچھلے پندرہ سالوں سے ترک سکونت نہیں کی ہے۔ اگر کسی شخص کو سرٹیفکیٹ اجراء کرنے میں کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ ایک ہفتے کے اندر اندر دفتر ہذا میں پیش کریں بعد گزرنے معیاد کوئی بھی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ UM

سپورٹس ٹائمز

Sports Times

ممبئی انڈینز نے نیا ہدف تیار کرلیا

فن ایلن، سنیل نارائن اور رنکو سنگھ اسی جارحانہ آمیزے کی نمائندگی کرتے ہیں—وہ شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، لیکن ان کی کارکردگی کا انحصار ان کی ٹائمنگ اور پچ کے حالات پر بھی ہوتا ہے۔ کولکتہ کے لیے چیلنج صرف ان کی بیٹنگ میں ہی نہیں، بلکہ ان کی بالنگ میں بھی ہے۔ انہیں ایسی پچ پر کھیلنا ہوگا جو روایتی طور پر اسٹروک کھیلنے والے بلے بازوں کے لیے مددگار مانی جاتی ہے۔ وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ہچکچاہٹ کی کوئی جگہ نہیں ہے۔ یہاں وضاحت، ڈسپلن اور بدلتے ہوئے حالات کے مطابق خود کو تیزی سے ڈھالنے کا حوصلہ ہونا ضروری ہے—خاص طور پر تب، جب اوس پڑنے لگتی ہے اور گیند کی دھار کم ہو جاتی ہے۔ ایسے حالات میں، ٹاس کی اہمیت اتنی بڑھ جاتی ہے کہ وہ میچ کا نتیجہ طے کرنے میں فیصلہ کن کردار ادا کر سکتا ہے۔ کپتان، جو اس بات سے اچھی طرح واقف ہیں کہ اس میدان پر ہدف کا تعاقب کرنے والی ٹیم کو تاریخی طور پر فائدہ ملتا رہا ہے، وہ غالباً پہلے بالنگ کرنا ہی پسند کریں گے۔ ان کی امید یہی ہوگی کہ وہ حریف ٹیم کو کم اسکور پر روک کر، بیٹنگ کے لیے آسان ہو چکے حالات میں ہدف کا تعاقب کریں۔ اور پھر بھی، تمام تکنیکی باتوں اور پیش گوئیوں سے ہٹ کر، اس میچ کا جوہر ایک سادہ سے سوال میں چھپا ہے، جو اسے اور بھی دلچسپ بنا دیتا ہے: کیا ممبئی انڈینز بالآخر اپنے افتتاحی میچوں کی غیر یقینی صورتحال کو پیچھے چھوڑ کر، پورے دم خم کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کرے گی؟ یا پھر کولکتہ نائٹ رائیڈرز—جن کے پاس خود کو ثابت کرنے کا موقع ہے اور کھونے کے لیے کچھ خاص نہیں ہے—میچ کے طے شدہ مساوات کو الٹتے ہوئے ایک ایسی ابتدائی جیت درج کرے گی، جو ان کے پورے سیزن کی سمت طے کر سکتی ہے؟ آخرکار، ممبئی کی جگمگاتی روشنیوں میں کھیلے جانے والے زیادہ تر میچوں کی طرح ہی، اس میچ کا نتیجہ بھی شاید تاریخ کے بوجھ سے نہیں، بلکہ پہلی گیند پھینکے جانے کے بعد کے چند گھنٹوں میں کھلاڑیوں کی درست کارکردگی سے طے ہوگا۔

اسٹوکس کی واپسی مئی تک ٹلی

لندن، ۲۸ مارچ (یو این آئی) انگلینڈ کے کپتان بین اسٹوکس رخسار (گال) کی ٹوٹی ہوئی ہڈی کی سرجری کے بعد اب بھی صحت یابی کے عمل میں ہیں اور جیسا کہ طے تھا وہ اگلے ہفتے ڈرہم کے لیے نہیں کھیلیں گے۔ ۳۴ سالہ اسٹوکس کو فروری کے آغاز میں ڈرہم اکیڈمی کے کھلاڑیوں کے ساتھ نیٹس میں مشق کرتے ہوئے گیند لگ گئی تھی، جس کے ایک ہفتے بعد ان کی سرجری ہوئی۔ کوچ ریان کیمبل نے بتایا کہ اسٹوکس جمعہ سے کینٹ کے خلاف شروع ہونے والا سیزن کا پہلا میچ کھیلنے والے تھے، لیکن کلب اب بھی ماہرین سے منظوری ملنے کا انتظار کر رہا ہے۔ کیمبل نے کہا کہ انہیں امید نہیں ہے کہ یہ آل راؤنڈر ۸ مئی سے ورسیسٹر شائر کے خلاف ہونے والے میچوں اور ۱۵ مئی سے بیکنہم میں کینٹ کے خلاف ہونے والے واپسی میچ سے پہلے کھیل پائے گا۔ اگر اسٹوکس اس سے پہلے واپسی نہیں کرتے ہیں، تو انگلینڈ کے ۴ جون سے نیوزی لینڈ کے خلاف ہونے والے موسم گرما کے پہلے ٹیسٹ میچ سے قبل، یہی ان کے واحد ریڈ بال کاؤنٹی میچ ہوں گے۔

آخری سیزن ہوگا: گوفن

نئی دہلی، ۲۸ مارچ (یو این آئی) بیلجیئم کے ڈیوڈ گوفن نے اعلان کیا ہے کہ ۲۰۲۶ اے ٹی پی ٹور پر مقابلہ کرنے کا ان کا آخری سیزن ہوگا۔ ۳۵ سالہ بیلجیئم کے کھلاڑی نے جمعہ کو انسٹاگرام پر ایک ویڈیو پوسٹ میں اس فیصلے کی تصدیق کی۔ گوفن، جو اے ٹی پی رینکنگ میں سابق نمبر ۷ کھلاڑی رہ چکے ہیں، چھ بار کے ٹور لیول چیمپئن ہیں اور ان کا میچ ریکارڈ ۲۷۵-۲۵۷ ہے۔ گوفن نے ویڈیو میں کہا کہ "کچھ فیصلے طویل عرصے تک آپ کے ساتھ رہتے ہیں۔ میں نے اس کھیل کے لیے اپنا سب کچھ دے دیا ہے اور ٹینس نے مجھے اس سے کہیں زیادہ دیا ہے جتنا میں نے کبھی سوچا بھی نہ تھا۔ میچ، مقابلے، جیت، ہار۔ جذبات۔ وہ لوگ جو ان سب میں میرے ساتھ تھے اور اسی لیے یہ میری زندگی کے مشکل ترین فیصلوں میں سے ایک رہا ہے۔

تربیتی سیشن سے بمراہ، سینٹنر اور جیکس غیر حاضر

ممبئی، ۲۸ مارچ (یو این آئی) کولکتہ نائٹ رائیڈرز (کے کے آر) کے خلاف ۲۹ مارچ کو ہونے والے ممبئی انڈینز (ایم آئی) کے آئی پی ایل ۲۰۲۶ کے پہلے مقابلے سے دو دن قبل منعقدہ لازمی تربیتی سیشن سے جسپریت بمراہ، مچل سینٹنر اور ول جیکس غائب رہے۔ بدھ کے روز ای ایس پی این کرک انفو نے اطلاع دی تھی کہ بمراہ اسٹرینتھ اور کنڈیشننگ پر کام کرنے کے لیے سینٹر آف ایکسی لینس (سی او ای) میں ہیں۔ بمراہ کے پہلا میچ کھیلنے کی توقع ہے لیکن یہ واضح نہیں ہے کہ وہ ٹیم کے ساتھ کب شامل ہوں گے۔ آٹھ مارچ کو ہندوستان کے خلاف ٹی ۲۰ ورلڈ کپ کا فائنل ہارنے کے بعد سینٹنر نے جنوبی افریقہ کے خلاف گھر پر تین ٹی ۲۰ میچوں میں نیوزی لینڈ کی کپتانی کی تھی اور آخری دو مقابلوں کے لیے انہیں آرام دیا گیا تھا۔ ہندوستان کے خلاف سیمی فائنل کھیلنے والے انگلینڈ کے دستے میں جیکس موجود تھے اور اس کے بعد وہ ٹیم کے ساتھ چارٹر طیارے میں انگلینڈ کے لیے روانہ ہو گئے تھے۔ ابھی تک اس بات کی تصدیق نہیں ہو سکی ہے کہ سینٹنر اور جیکس ہندوستان پہنچے ہیں یا نہیں۔ اتوار کے مقابلے سے قبل ایم آئی اور کے کے آر دونوں نے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں مشق کی۔ ایم آئی کی جانب سے روہت شرما نے سب سے پہلے نیٹ سیشن شروع کیا، ایک گھنٹے سے زیادہ کی بلے بازی کے دوران انہوں نے خاص طور پر تیز گیند بازی کا سامنا کیا۔ شاردول ٹھاکر اور ہاردک پانڈیا نے انہیں جم کر بالنگ کی، جس میں کافی شارٹ پچ گیندیں شامل تھیں۔ ہاردک نے تقریباً ایک گھنٹے کی گیند بازی کے ساتھ ساتھ بلے بازی میں بھی ہاتھ آزمائے۔ ایم آئی کے لیے بڑا سوال اوپننگ جوڑی کے تعلق سے ہے کہ روہت کے ساتھ ریان ریکلٹن اور کوئنٹن ڈی کاک میں سے کون اننگز کا آغاز کرے گا۔ دونوں جنوبی افریقی وکٹ کیپر بلے باز پریکٹس کے سیشن میں موجود تھے۔ ریکلٹن نے روہت کے ساتھ بلے بازی کرنے کے علاوہ وکٹ کیپنگ کی بھی مشق کی جبکہ ڈی کاک نے فیلڈنگ کی مشق کی۔ تلک ورما اور سوریا کمار یادو نے بھی بلے بازی کی اور انہوں نے پاور ہٹنگ کی مشق کی۔ دانش مالیوار بھی تربیتی سیشن میں موجود تھے جنہیں ایک شاندار ڈومیسٹک سیزن کے بعد آئی پی ایل ۲۰۲۶ کی نیلامی میں ایم آئی نے خریدا تھا۔ ٹریننگ کے آخری مرحلے میں بالنگ کوچ لاستھ ملنگا کی نگرانی میں ایم آئی کے تیز گیند بازوں دیپک چاہر، اشونی کمار اور محمد اظہار نے گیند بازی کی۔

یوجینیو چکارا سب سے آگے



گروگرام، ۲۷ مارچ (یو این آئی): اسپین کے موجودہ چیمپئن یوجینیو چکارا نے ۲.۵۵ ملین ڈالر کے ہیرو انڈین اوپن ۲۰۲۶ء کے دوسرے راؤنڈ میں جمعہ کو تھری انڈر ۶۹ کا اسکور بنا کر کلب ہاؤس میں برتری حاصل کرلی ہے۔ ان کا مجموعی اسکور ایٹ انڈر ۱۳۶ رہا۔ جنوبی افریقہ کے کے سی جاروس اور ایم جے ڈیفو (جنہوں نے گزشتہ ہفتے ہندوستان میں ہوٹل پلازا ٹور کا ایونٹ جیتا تھا) بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہے۔ ان کا اسکور سیون انڈر ۱۳۷ اور سکس انڈر ۱۳۸ رہا۔ ڈی پی ورلڈ پی جی ٹی آئی 'آرڈر آف میرٹ' کے سابق چیمپئن اوم پرکاش چوہان (۷۳-۷۱)، جن کا تعلق مدھیہ پردیش کے مہو سے ہے، دوسرے راؤنڈ میں ون انڈر ۷۱ کا شاندار اسکور بنا کر دن کے اختتام پر بہترین کارکردگی دکھانے والے بھارتی کھلاڑی رہے۔ تین سال قبل ہوٹل پلازا ٹور کے فاتح رہنے والے چوہان نے دوسرے دن ۱۸ درجے چھلانگ لگائی اور مجموعی طور پر ایون پار ۱۴۴ کے اسکور کے ساتھ مشترکہ طور پر ۲۳ ویں نمبر پر پہنچ گئے۔ بنگلورو کے ۱۸ سالہ منوج ایس (۷۶-۷۰)، جو انڈین اوپن میں اپنا پہلا میچ اور بطور پروفیشنل کھلاڑی اپنا دوسرا ہی سیزن کھیل رہے ہیں۔

تمہیں بہت یاد کریں گے: پی وی سندھو

نئی دہلی، ۲۷ مارچ (یو این آئی): دو بار کی اولمپک تمغہ یافتہ پی وی سندھو نے اپنی دیرینہ حریف کیرولینا مارین کے بیڈمنٹن سے ریٹائرمنٹ کے بعد ایک جذباتی پیغام میں کہا ہے کہ «بیڈمنٹن اور میں تمہیں بہت یاد کریں گے۔» ریو ۲۰۱۶ کی گولڈ میڈلسٹ اور تین بار کی ورلڈ چیمپئن کیرولینا مارین نے جمعرات کو سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو پیغام کے ذریعے کھیل سے سبکدوشی کا اعلان کیا تھا۔ پی وی سندھو نے جمعہ کے روز اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اسپین کی کیرولینا مارین کے ریٹائرمنٹ پر لکھا: «کچھ حریف ہمیشہ کے لیے آپ کے سفر کا حصہ بن جاتے ہیں، کیرولینا ان میں سے ایک تھیں۔ ہم پہلی بار ایک دوسرے کے خلاف تب کھیلے تھے جب ہم مالدیپ میں ۱۵ یا ۱۶ سال کی لڑکیاں تھیں، اور تب سے ہم نے ایک ساتھ کئی یادگار مقابلے کھیلے۔» انہوں نے مزید کہا، «سچ کہوں تو، کورٹ پر تم واقعی بہت پریشان کرنے والی تھیں۔ تمہارا مسلسل چلانا، جارحانہ انداز اور چھوٹی چھوٹی چالیں کسی کو بھی الجھا سکتی تھیں، لیکن تمہاری مہارت، رفتار اور لڑنے کا جذبہ بے مثال تھا۔ لوگ ہمارے بڑے مقابلوں اور تیسرے سیٹ میں شٹل اٹھانے کو لے کر ہونے والی اس تلخ بحث کو بھی یاد کرتے ہیں۔ میں تسلیم کرتی ہوں کہ اس دن میں شدید غصے میں تھی، لیکن کچھ ماہ بعد ہم میڈرڈ میں کافی پیتے ہوئے ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے ہنس رہے تھے۔

تیجسون شنکر نے بہترین اسکور کے ساتھ جیت درج کی

ٹیکساس (امریکہ)، ۲۸ مارچ (یو این آئی) ہندوستانی ایتھلیٹ تیجسون شنکر نے ڈیوڈ نوبل ریلے ۲۰۲۶ ایتھلیٹکس میٹ میں اپنے ڈیکاتھلون سیزن کا شاندار آغاز کیا۔ انہوں نے ۷۹۴۷ پوائنٹس کا نیا 'وِنڈ اسسٹڈ' (ہوا کی مدد سے بنا) پرسنل بیسٹ اسکور بنا کر یہ مقابلہ جیت لیا۔ اگرچہ ٹیکساس میں تیجسون کا اسکور موجودہ نیشنل ریکارڈ (۷۸۲۶ پوائنٹس) سے بہتر تھا—جو انہوں نے خود گزشتہ سال پولینڈ میں بنایا تھا—لیکن ورلڈ ایتھلیٹکس کے ضابطے کے مطابق، اسے ریکارڈ تسلیم نہیں کیا جائے گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس دوران ہوا کا بہاؤ (ٹیل ونڈ) مقررہ حد سے زیادہ تھا۔ سال ۲۰۱۰ میں نافذ ہونے والے ورلڈ ایتھلیٹکس کے ضابطے کے تحت ڈیکاتھلون جیسے 'کمبائنڈ ایونٹس' میں دکھائی گئی کارکردگی کو ریکارڈ تب ہی مانا جائے گا، جب ۱۰۰ میٹر دوڑ، لمبی چھلانگ اور ۱۱۰ میٹر رکاوٹی دوڑ میں ہوا کی اوسط رفتار ۴.۰ میٹر فی سیکنڈ سے زیادہ نہ ہو۔ لیکن تیجسون شنکر کے معاملے میں، ٹیکساس میں ۱۰۰ میٹر دوڑ کے دوران ہوا کی رفتار پلس ۴.۷ میٹر فی سیکنڈ تھی، لمبی چھلانگ میں ۴.۵ میٹر فی سیکنڈ اور ۱۱۰ میٹر رکاوٹی دوڑ میں ۲.۵ میٹر فی سیکنڈ تھی۔ اس طرح اوسط رفتار ۳.۹ میٹر فی سیکنڈ ہو گئی، جس کی وجہ سے ان کی اس کارکردگی کو ریکارڈ کے طور پر تسلیم نہیں کیا جا سکے گا۔ ٹیکساس میں ہونے والی اس میٹ کے دوران، تیجسون شنکر نے ۱۰۰ میٹر دوڑ (۱۰.۵۹)، لمبی چھلانگ (۷.۶۲ میٹر)، شاٹ پٹ (۱۳.۹۸ میٹر) اور پول والٹ (۴.۳۵ میٹر) میں بھی اپنے کیریئر کی اب تک کی بہترین کارکردگی (پرسنل بیسٹ) کا مظاہرہ کیا۔

گوگل کا آئی پی ایل ڈوڈل

نئی دہلی، ۲۸ مارچ (یو این آئی) سرچ انجن گوگل نے ہفتہ کو انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) ۲۰۲۶ کا جشن مناتے ہوئے گلابی رنگت والا رنگ برنگا ڈوڈل بنایا ہے۔ آج بنگلورو میں آئی پی ایل کے ۱۹ ویں سیزن کا پہلا میچ رائل چیلنجرز بنگلورو اور سن رائزرز حیدرآباد کے درمیان کھیلا جائے گا۔ اس سیزن میں ۱۰ ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں اور یہ ٹورنامنٹ اگلے دو ماہ تک جاری رہے گا۔ کرکٹ کے شوقین افراد کے لیے گوگل نے سیزن کو خاص بنانے کے لیے 'مردوں کے انڈین پریمیئر لیگ ۲۰۲۶ سیزن کا آغاز' کے عنوان کا اظہار کرتے ہوئے خصوصی ڈوڈل جاری کیا ہے۔ اس ڈوڈل میں پرپل نیون تھیم کے ساتھ کرکٹ کے ایلمنٹ کو خوبصورتی سے دکھایا گیا ہے۔ ڈوڈل میں بلے، گیند اور وکٹوں کی دونوں اطراف کی بیلز کے ساتھ موسیقی کی دھن کو بھی پیش کیا گیا ہے۔ ڈوڈل میں نیلے، سرخ، گلابی، پیلے اور سفید رنگوں کا استعمال کیا گیا ہے۔

اسٹیفنی ٹیلر کی سنچری کے باوجود ونڈیز کو شکست

سینٹ کٹس، ۲۸ مارچ (یو این آئی) آسٹریلیا نے سینٹ کٹس میں کھیلے گئے پہلے میچ میں ویسٹ انڈیز پر ۱۰۳ رنز کی آسان جیت کے ساتھ، سوفی مولینیو کے ون ڈے کپتان کے طور پر دور کا آغاز کیا۔ مہمان ٹیم نے ۳۴۱ رنز بنائے اور پھر ویسٹ انڈیز کو ۸/۲۳۸ پر روک دیا جبکہ اسٹیفنی ٹیلر ۱۰۵ رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں۔ بیٹنگ کا فیصلہ کرتے ہوئے، آسٹریلیا نے ۵۷ رنز کی اوپننگ پارٹنرشپ کے ساتھ مضبوط آغاز کیا۔ جارجیا وول نے ۳۲ گیندوں میں ۴۲ رنز بنائے، جبکہ فیبی لچ فیلڈ نے ۷۰ گیندوں میں ۷۷ رنز بنا کر اننگز کو سنبھالا؛ اس دوران ویسٹ انڈیز نے انہیں دو بار کیچ چھوڑنے کے مواقع دیے۔ ایلیس پیری نے ۴۹ گیندوں میں ۴۴ رنز بنا کر رن بنانے کی رفتار برقرار رکھی، لیکن کچھ وکٹ گرنے کے بعد رفتار کچھ سست ہو گئی۔ نمبر ۴ پر بیٹنگ کرتے ہوئے مولینیو، ڈیبیو کرنے والی تھالیا ولسن کے ہاتھوں اسٹمپنگ کے دو مواقع سے بچ گئیں اور نکولا کیری کے ساتھ ۹۱ رنز کی شراکت میں ۴۷ رنز بنائے؛ نکولا کیری نے خود ۴۹ رنز بنائے۔ اس شراکت داری کے علاوہ، جارجیا ویئرہم (۴۲) کی آخری لمحات کی شراکت نے آسٹریلیا کو ۳۰۰ سے تجاوز کرایا اور انہیں ایک مضبوط اسکور بنانے میں مدد دی۔ ایمی فلیچر نے تین وکٹ حاصل کیے، لیکن اپنے ۱۰ اوورز میں ۸۳ رنز خرچ کیے۔ ویسٹ انڈیز کو ایک بڑے ہدف کا تعاقب کرنا تھا، لیکن انہوں نے کپتان ہیلی میتھیوز سمیت ابتدائی وکٹ جلد گنوا دیے اور جلد ہی میچ میں پیچھے رہ گئی۔

آئی پی ایل میں جھارکھنڈ کے سات نوجوان کھلاڑی دکھائیں گے دم

رانچی، 28 مارچ (یو این آئی) جھارکھنڈ کے لیے آئی پی ایل 2026 خاص اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ ریاست کے 6 نوجوان کھلاڑی مختلف ٹیموں کی جانب سے میدان میں اتریں گے۔ کرکٹ کے سب سے بڑے میلے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) 2026 کا آغاز آج سے ہو رہا ہے اور اس کے ساتھ ہی پورے ملک میں کرکٹ کا جنون عروج پر پہنچنے والا ہے۔ اگر مہندر سنگھ دھونی کو بھی اس میں شامل کر لیا جائے تو یہ تعداد ان کے مشہور جرسی نمبر کی طرح 7 ہو جاتی ہے۔ حال ہی میں سید مشتاق علی ٹرافی میں جھارکھنڈ کی شاندار جیت کے بعد کھلاڑیوں کے اعتماد میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ اس کارکردگی کا اثر آئی پی ایل کے انتخاب میں بھی نظر آیا ہے، جہاں کئی کھلاڑیوں کو موقع ملا ہے۔ اس سیزن میں سب کی نظریں ان کھلاڑیوں پر مرکوز رہیں گی، جو اپنی کارکردگی سے جھارکھنڈ کا نام روشن کرنے اتریں گے۔ سب سے زیادہ چرچا کپتان ایشان کشن کا ہے، جو اس بار سن رائزرز حیدرآباد کی کمان سنبھالیں گے۔ سید مشتاق علی ٹرافی میں ٹیم کو خطاب دلانے کے بعد ان کا اعتماد بلندیوں پر ہے اور وہ شاندار فارم میں ہیں۔ وہیں، نوجوان وکٹ کیپر بلے باز رابن منز نے اپنی جارحانہ بیٹنگ سے سب کی توجہ اپنی جانب مبذول کرائی ہے۔ انہوں نے سید مشتاق علی ٹرافی میں 166 کے اسٹرائیک ریٹ سے رنز بناتے ہوئے ڈیتھ اوورز میں ٹیم کو مضبوطی فراہم کی۔ آل راؤنڈر انکول رائے نے اپنی کارکردگی سے خاص پہچان بنائی ہے۔ ٹورنامنٹ میں 303 رنز اور 18 وکٹ لے کر وہ 'مین آف دی ٹورنامنٹ' بنے تھے، جس سے ان کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ نوجوان بلے باز کمار کشاگر کی گھریلو کرکٹ میں کارکردگی انتہائی متاثر کن رہی ہے۔ انہوں نے سید مشتاق علی ٹرافی میں 161 کے اسٹرائیک ریٹ سے 422 رنز بنائے۔ اس بار وہ گجرات ٹائٹنز کے لیے کھیلیں گے، جہاں یہ ان کا دوسرا سیزن ہوگا۔ تیز گیند باز سوشانت، جو اپنی تیز رفتار اور باؤنسر کے لیے جانے جاتے ہیں، کو اس بار راجستھان رائلز نے ٹیم میں شامل کیا ہے۔ انہوں نے سید مشتاق علی ٹرافی میں 22 وکٹ لے کر اپنی قابلیت ثابت کی ہے۔ وہیں، رانچی کے ابھرتے ہوئے اسپنر امت کمار کے لیے یہ پہلا آئی پی ایل سیزن ہوگا۔ انڈر 23- اور ایج گروپ کرکٹ میں شاندار کارکردگی کے دم پر انہیں سینئر ٹیم میں موقع ملا ہے اور اب وہ بڑے اسٹیج پر خود کو ثابت کرنے کے لیے تیار ہیں۔ مجموعی طور پر، آئی پی ایل 2026 جھارکھنڈ کے ان کھلاڑیوں کے لیے خود کو ثابت کرنے کا سنہری موقع ہے۔ اگر یہ کھلاڑی اپنی کارکردگی سے چھاپ چھوڑنے میں کامیاب رہتے ہیں، تو آنے والے وقت میں ہندوستانی کرکٹ میں جھارکھنڈ کی شراکت داری مزید مضبوط ہو سکتی ہے۔ یو این آئی۔ این یو۔

ضلعی اننت ناگ ٹیکوانڈو چیمپئن شپ 2025-26 کا کامیاب اختتام

اننت ناگ، 28 مارچ (یو پی آئی)- ضلعی اننت ناگ ٹیکوانڈو چیمپئن شپ 26-2025 بجبہرا کے انڈور اسپورٹس ہال میں 27 تا 28 مارچ 2026 کو "میری یوتھ میری پہچان" پروگرام کے تحت کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ چیمپئن شپ میں ضلعی اننت ناگ کے مختلف اسکولوں اور کلبوں سے تقریباً 70 کھلاڑیوں نے بھرپور حصہ لیا۔ یہ پروگرام ضلعی اننت ناگ ٹیکوانڈو ایسوسی ایشن کی قیادت میں جے کے ٹیکوانڈو ایسوسی ایشن اور جے کے اسپورٹس کونسل کے زیر اہتمام منعقد ہوا۔ مقابلے پیشہ ورانہ انداز میں کرائے گئے اور نوجوان کھلاڑیوں کی مہارت، نظم و ضبط اور کھیل کے جذبے کو اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر چیف گیسٹ کے طور پر انڈور اسپورٹس ہال بجبہرا کے منیجر محمد شفی موجود تھے جبکہ مہمانِ اعزاز مس نگہت (پی ای ٹی، آکسفورڈ اسکول) نے منتظمین اور شرکاء کی کوششوں کی تعریف کی۔ ٹیکنیکل ٹیم کی قیادت شاہ فیصل علی نے کی، جس کے ساتھ فرحان ریاض، فیصل قادر، ساحل احمد دار، تہذیب علی اور طیب احمد شامل تھے، جنہوں نے چیمپئن شپ کے شفاف اور منظم انعقاد کو یقینی بنایا۔ جے کے ٹیکوانڈو ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری شری رامیش چندر شرما نے چیمپئن شپ کی کامیاب اور پیشہ ورانہ انعقاد پر آرگنائزنگ کمیٹی کو مبارکباد دی اور جے کے اسپورٹس کونسل کی سیکریٹری مس نزہت گل کا شکریہ ادا کیا، جن کی مسلسل حمایت نے ضلعی سطح پر ٹیکوانڈو کے فروغ میں مدد دی۔ چیمپئن شپ کا اختتام کھیل کے جذبے کو فروغ دیتے ہوئے اور اننت ناگ کے ابھرتے ہوئے ٹیکوانڈو کھلاڑیوں کے لیے ایک مسابقتی پلیٹ فارم فراہم کرتے ہوئے ہوا۔

سنر فائنل میں، سن شائن ڈبل سے ایک جیت دور

فلوریڈا، 28 مارچ (یو این آئی) عالمی نمبر دو ٹینس کھلاڑی جینک سنر نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے الیگزینڈر زیوریو کو مسلسل ساتویں بار شکست دے کر چوتھی مرتبہ میامی اوپن کے فائنل میں جگہ بنا لی ہے۔ اطالوی کھلاڑی سنر نے یہ مقابلہ 3-6، 6-7 (7-4) سے جیتا، اور اب اتوار کو ان کا مقابلہ چیک جمہوریہ کے جیری لیہیکا سے ہوگا۔ سنر گزشتہ تین برسوں میں اپنا دوسرا میامی اوپن ٹائٹل جیتنے کے قریب ہیں۔ اس کے ساتھ ہی وہ اس ماہ انڈیا ویلز ماسٹرس میں کامیابی کے بعد 'سن شائن ڈبل' مکمل کرنے سے صرف ایک جیت دور ہیں—یہ کارنامہ آخری بار 2017 میں راجر فیڈرر نے انجام دیا تھا۔ چار بار کے گرینڈ سلیم چیمپئن اور موجودہ ومبلڈن فاتح سنر نے ماسٹرز 1000 ٹورنامنٹس میں اپنی مسلسل 16ویں جیت درج کی، جبکہ مسلسل جیتے گئے سیٹس کا ریکارڈ 32 تک پہنچا دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ان کے لیے ایک شاندار مرحلہ ہے اور فائنل تک پہنچنا ان کے لیے بہت معنی رکھتا ہے۔ دوسری جانب، 21ویں سیڈ جیری لیہیکا نے فرانس کے آرتھر فلس کو 2-6، 2-6 سے شکست دے کر اپنے کیریئر کا پہلا ماسٹرز 1000 فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا۔ انہوں نے فائنل میں پہنچنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی بہترین کارکردگی پیش کرنے کی کوشش کریں گے۔

دھونی آئی پی ایل کے ابتدائی دو ہفتوں کے لئے باہر

چنئی، 28 مارچ (یو این آئی) عظیم کرکٹر مہندر سنگھ دھونی پنڈلی میں کھنچاؤ کے سبب آئی پی ایل 2026 کے ابتدائی دو ہفتوں کے لیے باہر ہو گئے ہیں۔ چنئی سپر کنگ نے ایک مختصر بیان میں کہا ہے کہ دھونی اس وقت ریہیبلیٹیشن (علاج اور بحالی) کے مرحلے سے گزر رہے ہیں، جس کی وجہ سے وہ سیزن کے پہلے دو ہفتوں میں میدان میں نظر نہیں آئیں گے۔ یہی وہ دھونی ہیں جنہوں نے سی ایس کے کو 2010، 2011، 2018، 2021 اور 2023 میں پانچ آئی پی ایل خطابات دلائے، انہوں نے اپنی ٹیم کی قیادت کرتے ہوئے یہ تمام ٹائٹل جیتے۔ سی ایس کے، جو گزشتہ دو سیزنز (2024 اور 2025) میں پوائنٹس ٹیبل میں سب سے نیچے رہی، اس بار بہتر کارکردگی کی امید کر رہی ہے۔ تاہم دھونی کی انجری نے ٹیم کے لیے تشویش پیدا کر دی ہے، کیونکہ ان کا تجربہ اور رہنمائی ٹیم کے لیے بے حد اہم ہے۔ سی ایس کے اپنے 2026 سیزن کا آغاز گوہاٹی میں راجستھان رائلز کے خلاف کرے گی، جبکہ پہلا ہوم میچ 3 اپریل کو تاریخی ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں پنجاب کنگز کے خلاف ہوگا۔ دھونی کی غیر موجودگی میں وکٹ کیپنگ کی ذمہ داری ممکنہ طور پر سنجو سیمپسن سنبھال سکتے ہیں، جو کپتان رُتوراج گائیکواڑ کے ساتھ اننگز کا آغاز کریں گے۔ دھونی نے اب تک 278 آئی پی ایل میچز میں 5,439 رنز بنائے ہیں، جن میں 24 نصف سنچریاں شامل ہیں اور ان کا زیادہ سے زیادہ اسکور 84 رہا ہے۔

ٹیکوانڈو چیمپئن شپ کا انعقاد

ضلعی پلوامہ ٹیکوانڈو ایسوسی ایشن جے کے ٹیکوانڈو ایسوسی ایشن اور جے کے اسپورٹس کونسل کے زیر اہتمام **29** تا **30** مارچ کو جے کے ایس سی انڈور اسٹیڈیم راجپورہ میں نوجوان کھلاڑیوں کے لیے سب جونئرز سے سینئر کیٹیگریز میں مقابلے منعقد کرے گی نیوز آرٹیکل: پلوامہ، **28** مارچ [یو پی آئی] – ضلعی پلوامہ ٹیکوانڈو ایسوسی ایشن جے کے ٹیکوانڈو ایسوسی ایشن [رجسٹرڈ] اور جے کے اسپورٹس کونسل کے زیر اہتمام ضلعی پلوامہ ٹیکوانڈو چیمپئن شپ **2025-26** کا انعقاد کرنے کے لیے تیار ہے۔ یہ چیمپئن شپ "میری یوتھ میری پہچان" پروگرام کے تحت **29** تا **30** مارچ **2026** کو جے کے ایس سی انڈور اسٹیڈیم، راجپورہ، پلوامہ میں منعقد ہوگی۔ اس ایونٹ میں سب جونئرز، کیڈٹ، جونیئرز اور سینئر کیٹیگریز میں دلچسپ مقابلے ہوں گے، جو ضلعی پلوامہ کے نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی مہارت، جذبہ اور کھیل کے جذبے کا مظاہرہ کرنے کا موقع فراہم کریں گے۔ ایسوسی ایشن نے چیمپئن شپ کے دوران منصفانہ کھیل اور پیشہ ورانہ رویے کو یقینی بنانے کا عزم ظاہر کیا ہے تاکہ زمینی سطح پر ٹیلنٹ کی پرورش ہو سکے۔ شرکت کے لیے اہم ہدایات میں شامل ہیں: تمام شرکاء کے لیے جے کے ٹی اے ایتھلیٹ لائسنس لازمی ہے۔ سینئر کھلاڑیوں کے لیے بلیک بیلٹ سرٹیفکیٹ لازمی ہے۔ تمام کھلاڑی مکمل شدہ رجسٹریشن فارم [والدین/ سرپرست کے دستخط کے ساتھ]، آدھار کارڈ، جے کے ٹی اے لائسنس، اور تاریخ پیدائش کا سرٹیفکیٹ پیش کریں۔ یہ فیصلہ ضلعی پلوامہ ٹیکوانڈو ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کی میٹنگ میں یکساں طور پر کیا گیا، جس کی صدارت صدر **TADP** نے کی۔ مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں: **6006636652**

موازنہ کرنا مشکل ہے: ڈیون کونوے

لاہور، 27 مارچ (یواین آئی) اسلام آباد یونائیٹڈ کے بیٹر ڈیون کونوے نے کہا ہے کہ کسی لیگ کا دوسری لیگ کے ساتھ موازنہ کرنا مشکل ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو میں ڈیون کونوے نے کہا کہ پہلی مرتبہ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) پی ایس ایل کھیل رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا گروپ بہت اچھا ہے، تیاری بہت اچھی جا رہی ہے، کسی لیگ کا دوسری لیگ کے ساتھ موازنہ کرنا مشکل ہے۔ اسلام آباد یونائیٹڈ کے بیٹر نے مزید کہا کہ 2 وینیوز پر میچز ہو رہے ہیں جو کہ تھوڑا مختلف ہے، لیگ کے لیے اچھا ہے کہ فاسٹ بولر آگے آرہے ہیں، ٹاپ آرڈر پر ایسے بولرز کا سامنا کرنا اچھا رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم کا ماحول بہت اچھا ہے اور کھلاڑی بھرپور تیاری کے ساتھ میدان میں اتر رہے ہیں۔ ان کے مطابق مختلف لیگوں کے حالات اور معیار الگ ہوتے ہیں اس لیے ان کا آپس میں موازنہ کرنا آسان نہیں۔ ڈیون کونوے نے مزید کہا کہ دو وینیوز پر میچز کا انعقاد ایک مختلف تجربہ ہے تاہم یہ لیگ کے لیے بہتر ثابت ہو سکتا ہے۔ انہوں نے فاسٹ بولرز کے ابھرنے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ٹاپ آرڈر بیٹرز کے لیے ایسے بولرز کا سامنا کرنا مفید ہوتا ہے۔

بانڈی پورہ میں روڈ سیفٹی آگاہی کے لیے وسیع پیمانے پر سائیکل ریلی

گurez، 28 مارچ (یو پی آئی) – ضلع بانڈی پورہ کے اسپورٹس زون میں روڈ سیفٹی کے فروغ کے لیے ڈیریکٹوریٹ آف یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس (ڈی وائی ایس ایس) نے ہفتہ کو ایک بڑے پیمانے پر آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا۔ اس پروگرام کا مقصد نوجوانوں اور عوام میں محفوظ روڈ رویے اور روڈ سیفٹی ایکٹ کی مکمل پابندی کے بارے میں شعور اجاگر کرنا تھا۔ پروگرام کا مرکزی حصہ ایک پرجوش سائیکل ریلی تھی جو حبّہ خاتون سمو اسٹینڈ سے گurez کے گورنمنٹ ڈگری کالج تک نکالی گئی۔ زونل ایجوکیشن آفس (زی ای او) گurez کے تعاون سے منعقدہ ریلی میں طلباء اور اساتذہ نے بھرپور حصہ لیا اور نظم و ضبط کے ساتھ محفوظ سڑکوں کے پیغام کو عام کیا۔ ریلی میں ایس ایچ او گurez اور بی ایچ ایس ایس داور کے پرنسپل بھی موجود تھے، جنہوں نے شرکاء کی حوصلہ افزائی کی اور ڈی وائی ایس ایس و زی ای او کی کوششوں کو سراہا۔ اس موقع پر مہمانوں نے کہا کہ ایسے اقدامات روڈ حادثات کم کرنے اور نوجوان نسل میں حفاظتی شعور پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ پروگرام کا اختتام ایک پرعزم عہد کے ساتھ ہوا، جس میں شرکاء نے ٹریفک قوانین کی پابندی اور اپنے اہل خانہ و محلے میں روڈ سیفٹی کے سفیر بننے کا وعدہ کیا۔ اس عزم نے گurez کی سڑکوں کو محفوظ بنانے اور شہریوں میں شعور اجاگر کرنے کے لیے یکجہتی کا مظاہرہ کیا۔

ارجنٹائن کے لیجنڈ میسی کے نام پر اسٹینڈ کا نام رکھا

فلوریڈا، ۲۸ مارچ (یو این آئی) انٹر میامی سی ایف نے ارجنٹینا کے عظیم فٹبالر لیون میسی کے اعزاز میں اپنے نئے اسٹیڈیم کے ایک اسٹینڈ کا نام ان کے نام پر رکھ دیا ہے۔ ۳۸ سالہ میسی، جنہیں تاریخ کے عظیم ترین کھلاڑیوں میں شمار کیا جاتا ہے، نے ایف سی بارسلونا اور پیرس سینٹ جرمین کے ساتھ کامیابیوں سے بھرپور کیریئر کے بعد ۲۰۲۳ میں اس ایم ایل ایس کلب میں شمولیت اختیار کی تھی۔ وہ انٹر میامی کے لیے ۸۲ گولز کے ساتھ ریکارڈ اسکورر اور ۵۳ اسسٹ کے ساتھ ریکارڈ بنانے والے کھلاڑی بن چکے ہیں۔ کلب نے ۲۶،۷۰۰ شائقین کی گنجائش والے اپنے نئے اسٹیڈیم میں ایک فعال (ایکٹو) کھلاڑی کے نام پر اسٹینڈ رکھ کر ایک منفرد روایت قائم کی ہے۔ انٹر میامی ۴ اپریل کو اپنے نئے اسٹیڈیم میں پہلا میچ آسٹن ایف سی کے خلاف کھیلے گا۔ حالیہ برسوں میں یہ دوسری بار ہے کہ میسی کے نام پر کسی اسٹیڈیم کے حصے کا نام رکھا گیا ہے۔ انٹر میامی سی ایف نے ارجنٹائن کے لیجنڈ فٹبالر لیونل میسی کے اعزاز میں اپنے نئے اسٹیڈیم کے ایک اسٹینڈ کا نام ان کے نام پر رکھ دیا ہے۔ ۳۸ سالہ میسی جنہیں فٹبال کی تاریخ کے عظیم ترین کھلاڑیوں میں شمار کیا جاتا ہے، ۲۰۲۳ میں ایف سی بارسلونا اور پیرس سینٹ جرمین کے ساتھ شاندار کیریئر کے بعد اس ایم ایل ایس کلب میں شامل ہوئے تھے۔ میسی انٹر میامی کے لیے ۸۲ گولز کے ساتھ کلب کے ریکارڈ اسکورر جبکہ ۵۳ اسسٹ کے ساتھ ایک اور نمایاں ریکارڈ اپنے نام کر چکے ہیں۔ کلب کی جانب سے ۲۶۷۰۰ شائقین کی گنجائش والے نئے اسٹیڈیم میں ایک فعال کھلاڑی کے نام پر اسٹینڈ منسوب کرنا ایک منفرد اور تاریخی اقدام قرار دیا جا رہا ہے۔ انٹر میامی ۴ اپریل کو اپنے نئے اسٹیڈیم میں پہلا میچ آسٹن ایف سی کے خلاف کھیلے گا جبکہ حالیہ برسوں میں یہ دوسری بار ہے کہ میسی کے نام پر کسی اسٹیڈیم کے حصے کو منسوب کیا گیا ہے۔

سوریاونشی اور پریانش سے امیدیں زیادہ ہوں گی: ششانک

نئی دہلی، 28 مارچ (یو این آئی) پنجاب کنگز کے بلے باز ششانک سنگھ کا ماننا ہے کہ نوجوان ستاروں ویبھو سوریاونشی اور پریانش آریہ پر انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کے 2026 سیزن میں اپنی گزشتہ کارکردگی کو دہرانے کا اضافی دباؤ ہوگا۔ آئی پی ایل 2026 کے پہلے میچ سے قبل جیو اسٹار پریس روم میں، ششانک نے کہا کہ "ٹیمیں ان نوجوان بلے بازوں کے خلاف بہتر تیاری کے ساتھ اتریں گی اور ان کے کھیل میں کسی بھی تکنیکی کمی کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں گی۔ ششانک نے ان دونوں نوجوانوں کے بارے میں کہا کہ "ٹیمیں یقینی طور پر اچھی طرح سے تیار ہوں گی، اور اس سال کارکردگی دکھانے کا دباؤ ہوگا۔ توقعات زیادہ ہوں گی، جو ہندوستان میں عام بات ہے۔ سوریاونشی ایک ابھرتا ہوا استارہ ہے، لیکن کچھ ایسے تکنیکی پہلو ہیں جن کا فائدہ اٹھا کر ہم اسے آؤٹ کرنے کی کوشش کریں گے۔" سوریاونشی، جو ابھی 15 سال کے ہوئے ہیں، نے اپنے پہلے آئی پی ایل سیزن میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا۔ انہوں نے سات اننگز میں 206.55 کے اسٹرائیک ریٹ سے 252 رنز بنائے اور ٹی 20 کرکٹ میں سب سے کم عمر میں سنچری بنانے والے کھلاڑی بن گئے۔ آئی پی ایل کے بعد بھی ان کی شاندار فارم جاری رہی، جس میں وجے ہزارے ٹرافی میں 36 گیندوں پر سنچری اور انڈر19- ورلڈ کپ کے فائنل میں 175 رنز کی شاندار اننگز شامل ہے۔

مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہورہے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "**سرینگر ٹائمز**" کھیل کے تئیں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک مخصوص کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ہمارے ای میل ایڈریس یا پھر تحریری طور کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر **سرینگر ٹائمز** بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں چونکہ ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے

(۲) سپورٹس ٹائمز کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاوہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور نیک نیتی کے ساتھ شائع کرتا ہے ادارہ کسی غلط نتیجہ کا ذمہ دار نہیں۔ کھلاڑی ٹورنامنٹس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے ان کو جانچ لیا کریے۔ (ادارہ)

مکمل پتہ: ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com

مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں: 0194-2456781

Printed and Published by: **SAHIL YOUSUF**, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: **BASHIR AHMAD BASHIR**, Executive Editor, **S.M. YOUSUF**, Editor: **SHADAB BASHIR**, Managing Advertising: **SEEMAAB BASHIR**, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781